100 شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ چار)

مصنف

ابو البنات محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

(دارالافتاء اہلسنت لاہور)

ماشاء اللہ مولانا فراز بھائی کو مختصر جوابات کی چوتھی فائل مکمل ہونے پر بہت مبارک ہو۔ اللہ کریم ان مختصر جوابات کو عوام الناس کے لیے ہدایت کا سبب بنائے اور مولانا فراز کی کوشش کو قبول فرما کر ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ اللہ تعالی نے ان کے وقت میں برکت دی ہے کہ ماشاء اللہ مختصر وقت میں اچھے جامع مانع اور مدلل جوابات دیتے ہیں، اللہ کریم ان کو مزید دینی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

الحمد للہ اب تک 29 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔رسالوں کے نام یہ ہیں:

(1)نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)

(2)والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)

(3)دافع البلاء (الامن و العلی)

(4)نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)

(5)دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)

(6)نور مصطفی (صلات الصفا)

(7)سایہ نہیں کوئی (نفی الفئی)

(8)رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں:

(9)خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)

(10)ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)

(11)اعلی حضرت اور فن شاعری

(12)غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر

(13)جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام

(14)درس سیرت

(15)پیارے نبی کے پیارے نام

(16)الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ(نبوی دعائیں)

(17)قواعد المیراث

(18)شان صدیق اکبر

(19)خلافت فاروق اعظم

(20)فیضان عثمان غنی

(21)سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22)قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23)واقعہ کربلا(مختصر)

(24)عدت اور سوگ کے احکام

(25)رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26)100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 1)

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 2)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 3)

(29) امیر اہلسنت اور فن شاعری

نوٹ: ان کتابوں کو حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر واٹس ایپ کریں

03333231223

ای میل: farazattari26@gmail.com

فیس بک: fb.com/ farazattarimadani

فہرست

14) تنگدستی کے خوف سے نکاح نہ کرنا
15) جس کے اچھا ہونے کی چار لوگ گواہی دیں
16) مسلمان بھائی سے محبت
17) کپڑے فولڈ کرنا
18) مونچھوں کو نہ کاٹنا
19) آدم علیہ السلام کے نکاح میں مہر
20) یاجوج ماجوج اور بحیرہ طبریہ کا پانی

• طهارت

21) وضو میں سیدھے ہاتھ سے پاؤں دھونا
22) وگ پر مسح
23) اونچا اڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ
24) تیل لگے بالوں پر مسح
25) فش ٹینک (اکویریم) کا پانی
26) ٹی وی ایس TVS کے بعد غسل

• نماز

27) تشہد میں سیدھا پاؤں بچھانا الٹا کھڑا رکھنا
28) تہجد کے دوران فجر کا وقت شروع ہو جائے
29) سنت فجر میں تحیت المسجد کی نیت

30) سورہ فاتحہ سے پہلے سورت شروع کردی
31) فرض کی تیسری رکعت میں بسم اللہ پڑھنا
32) ایک رکعت نفل کھڑے ہو کر دوسری بیٹھ کر پڑھنا
33) نماز میں جیب سے ٹوپی نکالنا
34) نماز میں واسکٹ کے بٹن کھلے رکھنا

• جماعت

35) فرض نماز شروع ہونے کے بعد جماعت کھڑی ہو جائے
36) مسافر امام کے پیچھے نماز

• جمعہ

37) خطبہ کے دوران مؤذن کا چلنا
38) جمعہ کی تقریر کی ویڈیو بنانا

• نمازِ جنازہ

39) جنازے کو لے کر جانے کا طریقہ

• قسم

40) قرآن کی قسم
41) بیوی کو ہاتھ نہ لگانے کی قسم

• وقف

42) مسجد کا چندہ جمع کرنے پر اجارہ کرنا

73) لوگوں سے سبحان اللہ بلوانے پر ثواب
74) کون کون سے رنگ کا عمامہ باندھنا سنت ہے

• حلال و حرام

75)غیر مسلم کے مذہبی تہوار میں شرکت
76) لوگوں کو حکومت کی طرف سے پیسے دینا
77) تحریر سے نام ہٹانا
78) چھوٹے بچوں کی چیزیں کھانا
79) غیر مسلم سے دوستی
80) کلر یا مہندی کے علاوہ سے بال کالے کرنا
81) نسوار کا استعمال
82) کپڑے استعمال کرکے واپس کر دینا
83) میت پر میڈیکل تحقیق
84) انگلیاں چٹخانا
85) ڈیوٹی ٹائم میں نوافل پڑھنا
86) بلی کی خرید وفروخت
87) حضور ﷺ کو کملی والا کہنا
88) (آکٹوپس) Octopus کھانا

89) مچھلی کو کرنٹ کے ذریعے مارنا
90) سگریٹ میں چرس ڈال کر پینا
91) شعر غرور حوروں کا توڑ ڈالا
92) سپورٹس کی نیوز
93)ٹائپنگ کی اجرت

• کاروبار

94) ممبر شپ کے ذریعے سستی چیزیں خریدنا
95) واپسی کی شرط کے ساتھ چیز خریدنا
96) کال سینٹر کی جاب
97) مستری کا دوکان سے کمیشن لینا
98) کیبل اور انٹرنیٹ کا کام
99) اسپرے کرنے کا کام
100) ٹور گائیڈر کا مندر لے کر جانا

عقائد
و
معمولات

1

کسی کو بے ایمان کہنا

سوال: اگر کوئی وعدہ پورا نہ کرے تو اس کو بے ایمان کہنا کیسا؟

User ID: اریان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہمارے معاشرے میں لفظ بے ایمان کفر کے معنی میں نہیں بولا جاتا نہ ہی بولنے والے کی نیت کسی کو کافر قرار دینے کی ہوتی ہے بلکہ کسی کی دھوکہ بازی، خیانت یا مختلف گناہوں کی وجہ سے بول دیا جاتا ہے اس لئے کہنے والے پر حکم کفر تو نہیں لیکن کسی کو بے ایمان کہنا ناجائز وگناہ وتعزیر کا سبب ضرور ہے، اگر کوئی وعدہ خلافی کرتا بھی ہو تو اس کو منہ پر بے ایمان بولنا دل آزاری اور پیچھے سے بولنا غیبت ہے اور اگر کوئی وعدہ کرتے وقت وعدہ پورا کرنے کی نیت رکھتا ہو مگر کسی وجہ سے نہ کر پایا ہو تو اس کو تو وعدہ خلافی کرنے والا نہیں کہ سکتے نہ ہی اس پر شرعاً گناہ ہے چہ جائیکہ اس کو بے ایمان کہا جائے۔ بہار شریعت میں ہے: کسی کو بے ایمان کہا، تو تعزیر ہوگی اگرچہ عرف عام میں یہ لفظ کافر کے معنی میں نہیں، بلکہ خائن کے معنی میں ہے اور لفظِ خائن میں تعزیر ہے۔ (بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 409)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ربیع الاول 1443/27 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

2 کسی کو مسیحا کہنا

سوال: کسی کو مسیحا کہنا کیسا؟

User ID: نعیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسیحا عرف عام میں مددگار اور حاذق طبیب کو کہتے ہیں لہذا کسی کو مجازا مسیحا کہنے میں کوئی حرج نہیں۔ چنانچہ انٹرنیٹ کی مشہور مستند اردو لغت میں مسیحا کا معنی درج ہے: طبیب حاذق، مردہ یا بیمار قوم میں نئی زندگی کی روح پھونکنے والا، رہنما یا مفکر۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 ربیع الاخر 1443/14 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

3

شہباز لامکانی

سوال: حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کو شہباز لامکانی کہنا کیسا؟

User ID: محمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو شہباز لامکانی کہنا شرعا جائز ہے کیونکہ اولیاء کرام روحانی طور پر اپنے مراقبات میں لامکاں سے آگے گزر جاتے ہیں۔ شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو شہباز لامکانی کہنے میں کوئی حرج نہیں۔ حضرات اولیائے کرام اپنے مراقبات میں سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ میں لامکاں سے آگے گزر جاتے ہیں، اگرچہ یہ گزر روحانی ہوتا ہے۔ (فتاوی شارح بخاری، جلد2، صفحہ 127)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 جمادی الاول 1443/26 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

احادیث
و
روایات

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

نبی پاک ﷺ نعمت ہیں

سوال: کیا بخاری شریف کی کوئی حدیث ہے جس میں حضور ﷺ کو نعمت کہا گیا ہو؟

User ID: غیب اجہ بٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جی ہاں! بخاری شریف کی حدیث پاک میں حضور ﷺ کو نعمت کہا گیا ہے؛ چنانچہ سورۃ ابراہیم کی آیت 28 { الَّذِینَ بَدَّلُوا نِعۡمَتَ اللهِ كُفۡرًا } کے بارے میں مروی ہے: قال عمرو: هم قريش، ومحمد صلى الله عليه وسلم نعمة الله ترجمہ: (اس آیت میں اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدلنے والے) یقیناً کفار قریش ہیں اور وہ نعمت جس کی انہوں نے ناشکری کی وہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔

(بخاری، کتاب المغازی، باب قتل ابی جہل، حدیث 3977)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

18 ربیع الآخر 1443/14 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

5 حضور ﷺ کا حضرت جابر کے بیٹوں کو زندہ کرنا

سوال: کیا ایسی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کو زندہ کیا؟ User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

علامہ جامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شواہد النبوۃ میں اور شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوۃ میں یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے دو بیٹے تھے، جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی دعوت کرنے کے لئے بکری ذبح کی تو بچے بھی دیکھ رہے تھے، ان میں سے بڑے نے چھوٹے سے کہا کہ میں تمہیں دکھاتا ہوں کہ بکری کو ابو نے کس طرح ذبح کیا تھا تو اس نے چھوٹے کو ذبح کر دیا، یہ منظر دیکھ کر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی زوجہ بڑے بیٹے کی طرف دوڑیں تو بچہ گھبرا کر بھاگا اور چھت سے گر کر فوت ہو گیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی زوجہ نے اس وقت یہ بات کسی کو نہیں بتائی بعد میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو جب پتا چلا تو وہ دونوں کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لے آئے۔ حضور ﷺ نے اپنا دست شفقت ان پر پھیرا اور اللہ پاک سے دعا کی تو دونوں زندہ ہو گئے۔ (ماخوذ از: شواہد النبوۃ، صفحہ 105، مدارج النبوۃ، جلد 1، صفحہ 199)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 ربیع الآخر 1443/8 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

6

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بقیہ پانی کو اپنے اوپر ملتے؟

User ID: حافظ عالم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث کی مختلف کتابوں میں مختلف الفاظ کے ساتھ اس بات کا بیان موجود ہے، بخاری شریف کی ایک روایت یوں ہے: رَأَیْتُ النَّاسَ یَبْتَدِرُونَ ذَاكَ الْوَضُوءَ، فَمَنْ أَصَابَ مِنْهُ شَیْئًا تَمَسَّحَ بِهِ، وَمَنْ لَمْ یُصِبْ مِنْهُ شَیْئًا أَخَذَ مِنْ بَلَلِ یَدِ صَاحِبِهِ ترجمہ: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے استعمال شدہ پانی کے حصول کے لئے کوشش کر رہے تھے جسے کچھ مل گیا اس نے اپنے اُوپر مل لیا اور جسے اس میں سے ذرا بھی نہ ملا اُس نے اپنے ساتھی کے ہاتھ سے تری حاصل کی۔ (بخاری، کتاب الصلاۃ، حدیث 376)

ایک روایت میں ہے: وَإِذَا تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کَادُوا یَقْتَتِلُونَ عَلَی وَضُوئِهِ ترجمہ: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب وضو فرماتے تو ایسا لگتا تھا کہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضو کے پانی کے حصول کے لئے آپس میں لڑ پڑیں گے۔ (بخاری، حدیث 189)

شرح: حضرات صحابہ کرام ہمیشہ حضور کے وضو کا پانی برکت کے لیے اپنے ہاتھوں اور منہ پر ملتے تھے کہ یہ غسالہ جسم اطہر سے مس ہوا ہے۔ (مرآۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 ربیع الاخر 1443/29 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

7

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کون سی خوشبو استعمال فرماتے

سوال: کیا نبی پاک صلی اللہ علیہ خوشبو استعمال فرماتے اور کون سی؟

User ID: حذیفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سراپا خوشبو دار تھے بلکہ صحابہ کرام علیھم الرضوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پسینے شریف کی خوشبو سے تلاش کیا کرتے تھے، اس کے باوجود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشبو کو پسند فرمایا اور ایک روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم مشک و عنبر استعمال فرمایا کرتے تھے۔ نسائی شریف میں ہے: اکان رسول اللہ علیہ وسلم یتطیب قالت نعم بذکارۃ الطیب المسك والعنبر ترجمہ: محمد بن علی سے روایت ہے کہ میں نے بی بی عائشہ رضی اللہ عنھا سے پوچھا کہ کیا نبی پاک اللہ علیہ وسلم خوشبو استعمال فرماتے تھے؟ تو آپ رضی اللہ عنھا نے فرمایا: ہاں، مردانہ خوشبو مشک اور عنبر استعمال فرماتے تھے۔ (نسائی، کتاب الزینہ، باب العنبر، حدیث 5116)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ربیع الآخر 1443/31 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

8

صحابہ کا نماز میں حضور ﷺ کے دیدار کا انداز

سوال: کیا ایسی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حجرے سے صحابہ کو دیکھا تو صحابہ نماز توڑنے والے تھے؟

User ID: دانش قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بخاری، مسلم، نسائی، ابن ماجہ اور حدیث کی دیگر کتابوں میں یہ روایت موجود ہے، بخاری شریف کے الفاظ یوں ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرض الوصال میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے، جب پیر کا دن آیا لوگ صفیں بنائے نماز ادا کر رہے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجرہ مبارک کا پردہ اٹھایا اور کھڑے ہو کر ہمیں دیکھنے لگے، گویا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور قرآن کے اوراق کی طرح تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کی خوشی میں قریب تھا کہ ہم نماز توڑ دیتے۔

(بخاری، حدیث 680)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ربیع الآخر 1443/3 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

9

نام محمد چومنے کی برکت سے بخشش

سوال: کیا ایسی روایت ہے کہ موسی علیہ السلام کا امتی نام محمد چومتا تھا تو اس کی بخشش ہو گئی؟ **User ID: ملک ندیم**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ والوں کی باتیں جو حلیہ الاولیاء کا اردو ترجمہ ہے اس میں یہ روایت موجود ہے: بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا جو دو سو سال تک اللہ پاک کی نافرمانی کرتا رہا، جب وہ مر گیا تو لوگوں نے اسے ٹانگوں سے گھسیٹ کر گندگی کے ڈھیر پہ پھینک دیا۔ اللہ پاک نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ جا کر اس کی نماز جنازہ ادا کریں۔ آپ علیہ السلام نے عرض کی: یا اللہ پاک! بنی اسرائیل کہتے ہیں کہ وہ دو سو سال تک تیری نافرمانی کرتا رہا ہے۔ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا: وہ ایسا ہی تھا مگر وہ جب بھی تورات کھولتا اور نامِ محمد (ﷺ) کو دیکھتا تو اسے چوم کر آنکھوں سے لگاتا اور ان پر درود پڑھتا تھا۔ پس میں نے اس کا یہ عمل قبول کر کے اس کے گناہ معاف کر دیئے ہیں اور 70 جنتی حوروں سے اس کا نکاح کر دیا ہے۔ (اللہ والوں کی باتیں، جلد 4، صفحہ 61)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الاخر 1443/5 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

10

ذوالفقار تلوار

سوال: کیاایسی روایت ہے کہ ذوالفقار حضور ﷺ کو بدر میں ملی تھی اور وہ آپ ﷺ نے حضرت علی کو دی؟

User ID: سید شفیع جیلانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احادیث اور سیرت کی کتابوں میں یہ بات مذکور ہے کہ ذوالفقار حضور ﷺ کی تلوار تھی جو آپ ﷺ کو بدر کے دن ملی تھی اور بعد میں وہ تلوار حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مل گئی تھی۔ چنانچہ مروی ہے: ان اسم سیف رسول ﷺ ذو الفقار ترجمہ: نبی پاک ﷺ کی ایک تلوار کا نام ذوالفقار تھا۔ (مراسیل لابی داؤد، صفحہ 232)

سنن کبری میں ہے: عن ابن عباس قال: تنفل رسول اللہ سیفہ ذو الفقار یوم بدر ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ کو بدر کے دن دشمن کی تلوار ذالفقار بطور صفی کے ملی۔ (سنن کبری، جلد 13، صفحہ 136)

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ثم صار الی علی کرم اللہ وجھہ ترجمہ: (ذوالفقار) پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہوگئی تھی۔

(شرح ابن ماجہ للسیوطی، صفحہ 202)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 ربیع الآخر 1443/21 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

11 باپ کی دعا اولاد کے حق میں

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث پاک ہے کہ والد کی دعا اولاد کے حق میں ایسی ہے جیسے نبی کی دعا امت کے حق میں؟

User ID: نا معلوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اس روایت پر محدثین نے بہت کلام کیا ہے اور اسے منکر قرار دیا ہے اور بعضوں نے اس کو موضوع بھی کہا ہے اس لئے یہ روایت بیان نہ کی جائے۔ فیض القدیر میں ہے: قال الزين العراقي في شرح الترمذي: هذا حديث منكر وحكم ابن الجوزي بوضعه وقال: قال أحمد هذا حديث باطل منكر وأقره عليه المؤلف في مختصر الموضوعات ترجمہ: زین عراقی نے شرح ترمذی میں کہا: یہ حدیث منکر ہے اور ابن جوزی نے اس کو موضوع قرار دیا اور کہا امام احمد نے فرمایا یہ حدیث باطل منکر ہے اور مؤلف نے مختصر موضوعات میں اس قول کو باقی رکھا۔ (فیض القدیر، جلد 3، صفحہ 525)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ربیع الآخر 1443/ 31 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

12

تیل اور سرمہ لگانے کی سنتیں

سوال: تیل اور سرمہ لگانے کی سنتیں اور آداب بیان کر دیں؟ User ID: ابو معاویہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سرمہ بسم اللہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ سے لگانا چاہیے اور ممکن ہو تو اثمد سرمہ استعمال کریں کہ یہ سنت ہے اور حدیث میں اس کے فضائل موجود ہیں۔ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم دونوں مقدس آنکھوں میں سرمہ کی تین تین سلائیاں استعمال فرماتے تھے اور اکثر اسی پر عمل تھا۔ تاہم بعض روایات میں سیدھی آنکھ مبارک میں تین سلائیاں اور بائیں میں دو کا بھی ذکر آیا ہے اور "شمائل رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم" میں اسی طرح بیان کیا گیا ہے کہ سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم ہر آنکھ مبارک میں دو دو سلائیاں سرمہ کی ڈالتے اور ایک سلائی کو دونوں مبارک آنکھوں میں لگاتے۔ تیل بھی بسم اللہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ سے لگانا چاہیے۔ پہلے سیدھی آنکھ کے ابرو پر پھر الٹی آنکھ کے ابرو پر پھر سیدھی پلک پر پھر الٹی پر پھر سر میں تیل ڈالیں۔ (سنتیں اور آداب) واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ربیع الاول 1443/27 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13 پہاڑ کے برابر نیکیاں غبار بن جائیں گی

سوال: کیا ایسی حدیث ہے جس میں یہ ہو کہ ایک شخص پہاڑ برابر نیکیاں لائے گا اور انہیں غبار بنادیا جائے گا؟

User ID: بزدار بلوچ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابن ماجہ شریف کی حدیث ہے: "لَأَعْلَمَنَّ أَقْوَامًا مِنْ أُمَّتِي، يَأْتُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَسَنَاتٍ أَمْثَالِ جِبَالِ تِهَامَةَ، بِيضًا، فَيَجْعَلُهَا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ هَبَاءً مَنْثُورًا. قَالَ ثَوْبَانُ: يَا رَسُولَ اللهِ، صِفْهُمْ لَنَا، جَلِّهِمْ لَنَا: أَنْ لَا نَكُونَ مِنْهُمْ وَنَحْنُ لَا نَعْلَمُ. قَالَ: أَمَا إِنَّهُمْ إِخْوَانُكُمْ وَمِنْ جِلْدَتِكُمْ، وَيَأْخُذُونَ مِنَ اللَّيْلِ كَمَا تَأْخُذُونَ، وَلَكِنَّهُمْ أَقْوَامٌ إِذَا خَلَوْا بِمَحَارِمِ اللهِ انْتَهَكُوهَا" ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یقیناً میں اپنی امت کے ایسے لوگوں کو جانتا ہوں جو قیامت کے دن تہامہ کے پہاڑوں کے مثل نیکیاں لے کر آئیں گے لیکن اللہ پاک انہیں باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذروں کی طرح بنادے گا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ہمیں ان لوگوں کے اوصاف بتائیں تاکہ ہم لاعلمی میں ان لوگوں میں سے نہ ہوجائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "وہ تمہارے ہی مسلمان بھائی ہوں گے، تمہاری طرح راتوں میں عبادت بھی کرتے ہوں گے لیکن جب وہ لوگ تنہائی میں ہوں گے تو اللہ پاک کی حرمتوں کو پامال کریں گے۔ (ابن ماجہ، کتاب الزھد، باب ذکر الذنوب، حدیث 4245)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 ربیع الآخر 1443/01 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

14 تنگدستی کے خوف سے نکاح نہ کرنا

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ جو تنگدستی کے خوف سے نکاح نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں؟

User ID: بلال کھتری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حدیث پاک میں ہے: من ترك التزويج مخافة العيلة فليس منا ترجمہ: جو تنگدستی کے خوف سے نکاح نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں۔ (جامع الاحادیث، حدیث 2163)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ربیع الآخر 1443/ 2 نومبر 2022ء

15

جس کے اچھا ہونے کی 4 لوگ گواہی دیں

سوال: کیا ایسی روایت ہے کہ جس کے اچھا ہونے کی چار لوگ گواہی دے دیں وہ جنت میں داخل ہوگا؟ User ID:حبیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: ابو الاسود فرماتے ہیں کہ میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آکر بیٹھا تو لوگوں کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو لوگوں نے اس کی تعریف کی، تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ واجب ہوگئی۔ پھر ایک اور جنازہ گذرا تو لوگوں نے اس کا بھی ذکر خیر کیا تو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: واجب ہوگئی۔ پھر تیسرا جنازہ گذرا تو لوگوں نے اس کی برائی کی۔ اس بار بھی عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: واجب ہوگئی۔ ابو الاسود کہتے ہیں کہ میں نے کہا: اے امیر المومنین کیا چیز واجب ہوگئی؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے وہی بات کہی ہے جو نبی ﷺ نے فرمائی ہے: جس مسلمان کے متعلق چار آدمی بھلائی کی گواہی دے دیں، اللہ پاک اسے جنت میں داخل کرے گا۔ ہم نے عرض کیا: اور تین لوگ (جس کے حق میں گواہی دیں) تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اور تین آدمی بھی۔ ہم نے عرض کیا: اور دو لوگ (جس کے حق میں گواہی دیں)؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اور دو لوگ بھی۔ پھر ہم نے آپ ﷺ سے ایک شخص کے بارے میں نہیں پوچھا۔ (بخاری، کتاب الجنائز، حدیث 1368)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 ربیع الاخر 1443/9 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

16 مسلمان بھائی سے محبت

سوال: کیا یہ حدیث ہے کہ بندہ جب کسی مسلمان سے محبت کرے تو اس کو بتادے؟ User ID: حافظ غلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ترمذی و ابوداؤد شریف میں یہ حدیث پاک موجود ہے ؛ابوداؤد کے الفاظ یہ ہیں: اذا احب الرجل اخاہ فلیخبرہ انہ یحبہ ترجمہ: جب کوئی شخص اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ اس کو بتادے کہ وہ اس سے محبت رکھتا ہے۔ (ابوداؤد، حدیث 5124)

شرح: یہ خبر دینا خوشامد کے لیے یا جھوٹ بولنے کے طریقہ سے نہ ہو بلکہ اس حدیث پر عمل کرنے کے لیے ہو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ان شاء اللہ اسے بھی اس سے محبت ہو جاوے گی اور پھر یہ دو طرفہ محبت بہت پختہ ہو گی یا وہ اس کے لیے دعا کرے گا یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔ محبت کی خبر دینے سے محبت پیدا ہوتی ہے۔ جب کہ اخلاص سے ہو اور محض اللہ کے لیے ہو دنیاوی لالچ سے نہ ہو۔ (مرآۃ)

نوٹ: اس اظہار محبت کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ دوسرا بھی اعلی ظرفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس محبت کے رشتے کو قائم رکھے۔

تنبیہ: اس روایت کا ہرگز معنی یہ نہیں کہ آدمی اپنے عشق مجازی کا اظہار کرتا پھرے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الاخر 1443/10 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

17 کپڑا فولڈ کرنا

سوال: کیا کسی حدیث میں نماز میں کپڑا فولڈ کرنے کی ممانعت ہے؟

User ID: محمد شعیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

شلوار یا پینٹ کو نیچے یا اوپر سے فولڈ کرنا مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے۔ صحاح ستہ کی تمام کتابوں میں مختلف الفاظ کے ساتھ روایات موجود ہیں، بخاری کے الفاظ یہ ہیں: أمرت أن أسجد علی سبعة، لا اکف شعرا ولا ثوبا۔ ترجمہ: مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں اور اپنے بالوں اور کپڑوں کو نہ لپیٹوں۔ (بخاری، حدیث 816)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الآخر 1443/19 نومبر 2022ء

18

مونچھوں کو نہ کاٹنا

سوال: کیا ایسی حدیث ہے کہ جو مونچھوں کو نہ کاٹے وہ ہم میں سے نہیں اگر ہے تو اس کی شرح کیا ہو گی؟ User ID: شیراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ترمذی، نسائی، مسند احمد اور دیگر کتابوں میں یہ روایت موجود ہے مگر یہ خوف دلانے کے لئے کیونکہ سپاہی کو کچھ بڑی رکھنا بہتر ہے اور عام حالات میں مونچھیں کم کرنا یہ سنت ہے؛ ترمذی شریف کے الفاظ یہ ہیں: من لم یاخذ من شاربہ فلیس منا ترجمہ: جو اپنی مونچھوں میں سے کچھ کم نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں۔ (ترمذی، حدیث 2761)

فیض القدیر میں ہے: ماطال حتی یبین الشفۃ بیانا ظاھرا ترجمہ: جو بڑی ہو جائیں ان کو کاٹ دے یہاں تک کہ ہونٹ بالکل ظاہر ہو جائیں۔

(فیض القدیر، جلد 6، صفحہ 222)

مراۃ المناجیح میں ہے: ہمارے طریقہ سے وہ خارج ہے یا بڑی مونچھیں رکھنے والے کے لیے خطرہ ہے کہ اس کا خاتمہ اسلام پر نہ ہو۔ معاذ اللہ۔

(جلد 6، حدیث 4438)

بہار شریعت میں ہے: مجاہد جب دار الحرب میں ہوں تو ان کے لیے مستحب یہ ہے کہ ناخن اور مونچھیں بڑی رکھیں ۔۔۔۔ مونچھوں کو کم کرنا سنت ہے اتنی کم کرے کہ ابرو کی مثل ہو جائیں یعنی اتنی کم ہوں کہ اوپر والے ہونٹ کے بالائی حصہ سے نہ لٹکیں۔ (ج 16)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الآخر 1443 / 24 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

19

آدم علیہ السلام کے نکاح میں مہر

سوال: کیا کسی کتاب کا حوالہ مل سکتا ہے جس میں ہو کہ ادم علیہ السلام کے نکاح کا مہر درود پاک پڑھنا تھا؟

User ID: محمد الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مفتی اہلسنت مفتی قاسم قادری صاحب تفسیر صاوی کے حوالے سے لکھتے ہیں: جب حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حواء رضی اللہ عنھا کی طرف دستِ محبت بڑھانے کا ارداہ کیا تو فرشتوں نے عرض کی: اے آدم علیہ السلام ٹھہر جائیں، پہلے ان کا مہر ادا کریں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کا مہر کیا ہے؟ فرشتوں نے عرض کی: ان کا مہر یہ ہے کہ آپ ہمارے سردار محمد مصطفی ﷺ پر تین یا دس مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ چنانچہ آپ علیہ السلام نے درود پڑھا اور فرشتوں کی گواہی سے آپ علیہ السلام کا حضرت حواء رضی اللہ عنھا سے نکاح ہوگیا۔ (سیرت الانبیاء، صفحہ 97)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ربیع الآخر 1443/2 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

20

یاجوج ماجوج اور بحیرہ طبریہ کا پانی

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ یاجوج ماجوج کا پہلا گروہ بحیرہ طبریہ کا سارا پانی پی جائے گا؟ آصف عطاری :User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ترمذی شریف کی حدیث پاک ہے: ویبعث اللہ یاجوج و ماجوج ۔۔ فیمر اولھم ببحیرۃ الطبریہ فیشرب ما فیھا ثم یمر بھا آخرھم فیقولون لقد کان بھذہ مرۃ ماء ترجمہ: اور اللہ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا تو ان کا پہلا گروہ بحیرہ طبریہ پر گزرے گا پھر اس کا سارا پانی پی جائے گا پھر وہاں سے ان کا دوسرا یا آخری گروہ گزرے گا تو کہے گا کہ کبھی یہاں پانی ہوا کرتا تھا۔

(ترمذی، ابواب الفتن، حدیث 2240)

شرح: ان کی کثرت کا یہ حال ہو گا کہ دریا کا سارا پانی انکا اگلا حصہ ہی پی جاوے گا اور دریا خشک کر دے گا۔ بحیرہ تصغیر ہے بحر کی، بحیرہ طبریہ شام کے علاقہ میں دس میل لمبا دریا ہے، طبریہ ایک بستی کا نام ہے اردن کے علاقہ میں وہاں یہ دریا ہے اس لیے اسے بحیرہ طبریہ کہتے ہیں۔ (مرآۃ، 7)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 ربیع الآخر 1443/28 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

طهارت

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

21 وضو میں سیدھے ہاتھ سے پاؤں دھونا

سوال: وضو میں سیدھے ہاتھ سے پاؤں دھونا کیسا؟

User ID: فیاض الحسن مصباحی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وضو میں سیدھے ہاتھ سے پانی ڈالنا اور بائیں (الٹے) ہاتھ سے پاؤں دھونا سنت ہے اور سیدھے ہاتھ سے دھونا خلاف سنت اور مکروہ تنزیہی ہے لیکن کسی نے سیدھے ہاتھ سے دھویا تو وضو ہو جائے گا اور گناہ نہیں۔ ھندیہ میں ہے: والسنة عند غسل رجليه ان ياخذ الاناء بيمينه و يكبه على مقدم رجله اليمنى ويدلكه بيساره ترجمہ: پاؤں دھونے کی سنت یہ ہے کہ سیدھے ہاتھ سے برتن پکڑے اور سیدھے قدم کے اوپر سے پانی بہانا شروع کرے اور بائیں ہاتھ سے ملے۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 8)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الاول 1443/25 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وگ پر مسح

سوال: وگ کے اوپر مسح ہو جاتا ہے یا اتارنی پڑتی ہے ؟

User ID: آصف جان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وگ اگر عارضی ہو یعنی اس کو اتارا اور دوبارہ لگایا جا سکتا ہو تو اتار کر سر پر مسح کرنا ہو گا اور اگر مستقل ہے کہ اب نکال نہیں سکتے تو اس کے اوپر مسح کرنے سے مسح ہو جائے گا، اسی طرح غسل میں اس پر پانی بہانے سے غسل ہو جائے گا کیونکہ فکس ہو جانے کی وجہ سے اب اس کا حکم اصل والا ہو گیا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ربیع الاخر 1443/4 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

23

اونچا اڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ

سوال: کیا اونچا اڑنے والے حلال پرندوں جیسے مرغابی کی بیٹ پاک ہے ؟

User ID: فیضان خالد عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اونچا اڑنے والے حلال پرندوں کی بیٹ پاک ہے، اگر کسی جگہ یا کپڑے پر لگ جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوں گے۔ بہار شریعت میں ہے: جو پرند حلال اونچے اڑتے ہیں جیسے کبوتر، مینا، مرغابی، قاز، ان کی بیٹ پاک ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 391)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ربیع الاخر 1443/4 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

24 تیل لگے بالوں پر مسح

سوال: اگر بالوں میں تیل لگا ہو تو سر کا مسح ہو جائے گا؟

User ID: مدثر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بالوں میں تیل لگا ہو تو بھی سر کا مسح ہو جائے گا اور غسل میں بھی تیل چھڑائے بغیر غسل کیا تو ہو جائے گا۔ شامی میں ہے: ولا یمنع الطھارۃ۔۔۔ دھن ترجمہ: اور طہارت سے تیل مانع نہیں۔ (شامی، جلد 1، صفحہ 98)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 جمادی الاول 1443/26 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

25

فش ٹینک (اکویریم) کا پانی

سوال: کیا اکویریم کا پانی پاک ہوتا ہے؟

User ID: حافظ نیک محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اکویریم کے پانی میں نجاست نہیں ہوتی لہذا وہ پاک ہے اور جب تک اس میں نجاست نہ جائے وہ پاک ہی رہے گا۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الآخر 1443/24 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

26

TVS کے بعد غسل

سوال: Trans vaginal ultrasound کے بعد غسل ضروری ہے؟

User ID: عمیر زئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ بلا حاجت شرعی الٹرا ساؤنڈ کروانا جائز نہیں کہ اس میں عورت کو اپنی شرمگاہ کھولنی پڑتی ہے اور بلا حاجت شرعی عورت کے سامنے بھی شرمگاہ کھولنا جائز نہیں، بہر حال الٹرا ساؤنڈ کروانے کی جائز صورت ہو یا ناجائز اگر آلہ ڈالنے کی وجہ سے عورت کو انزال ہو گیا تو اس پر غسل فرض ہو جائے گا اور انزال نہ ہوا تو غسل فرض نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: عورت نے اپنی فرج میں انگلی یا جانور یا مردے کا ذَکر یا کوئی چیز ربڑ یا مٹی وغیرہ کی مثل ذَکر کے بنا کر داخل کی تو جب تک اِنزال نہ ہو غسل واجب نہیں۔ (ج 1، ص 323) واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 جمادی الاول 1443/26 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

27 تشہد میں سیدھا پاؤں بچھانا اور الٹا کھڑا رکھنا

سوال: اگر کوئی بلا عذر تشہد میں سیدھا پاؤں بچھا کر رکھے اور الٹا کھڑا رکھے تو کیا حکم ہے؟

User ID: جہانزیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مرد کے لئے جلسہ اور قعدہ میں بیٹھنے کی سنت یہ ہے کہ الٹا پاؤں بچھا کر دونوں سرین اس پر رکھ کر بیٹھے اور سیدھا قدم کھڑا رکھے، اگر کسی نے بلا عذر بھی اس کے خلاف کیا تو مکروہ تنزیہی ہے مگر نماز ہو جائے گی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــه

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 ربیع الآخر 1443/28 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

28 تہجد کے دوران فجر کا وقت شروع ہو جائے

سوال: تہجد پڑھنے کے دوران اگر فجر کا وقت شروع ہو جائے تو کیا یہ سنت فجر کے قائم مقام ہیں؟ مسعود قادری :User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تہجد پڑھنے کے دوران اگر فجر کا وقت شروع ہو جائے تو یہ سنت فجر کے قائم مقام نہیں اس لئے کہ سنت فجر کا فجر کے وقت میں شروع ہونا ضروری ہے۔ الاشباہ والنظائر میں ہے: واما من قال اذا صلی رکعۃ قبل الطلوع و اخری بعدہ کانتا عن السنۃ فبعید لان السنۃ لابد من الشروع فیھا فی الوقت ولم یوجد ترجمہ: اور بہر حال یہ کہنا بعید ہے کہ جب ایک رکعت طلوع فجر سے پہلے پڑھی اور دوسری طلوع کے بعد تو یہ سنت فجر ہو گئیں اس لئے کہ سنت فجر کا وقت کے اندر شروع ہونا ضروری ہے اور یہاں وقت کے اندر شروع نہ ہوئی۔ (الاشباہ والنظائر، صفحہ 28)

عالمگیری میں ہے: ومن صلی تطوعا فی اخر اللیل فلما صلی رکعۃ طلع الفجر کان الإتمام أفضل ۔۔ ولا تنوبان عن سنۃ الفجر علی الأصح ترجمہ: جس نے آخری رات میں نفل پڑھے تو جب ایک رکعت پڑھ لی فجر طلوع ہو گئی تو اس کو پورا کرنا افضل ہے اور یہ سنت فجر کے قائم مقام نہیں۔ (ھندیہ، 1،59)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الاول 1443/25 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

29

سنتِ فجر میں تحیۃ المسجد کی نیت

سوال: کیا فجر کی نماز کا وقت شروع ہونے کے بعد مسجد میں تحیۃ المسجد کے نوافل پڑھ سکتے ہیں؟ User ID: تاج الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فجر کی نماز کا وقت شروع ہونے کے بعد فجر کا وقت ختم ہونے تک دو رکعت سنت فجر کے علاوہ کوئی نفل پڑھنا جائز نہیں، اسی طرح سورج نکلنے کے بعد 20 منٹ تک کوئی نماز جائز نہیں، لہذا فجر کا وقت شروع ہونے کے بعد تحیۃ المسجد کے نوافل ادا کرنا جائز نہیں البتہ مسجد میں سنت فجر پڑھیں تو اسی میں تحیۃ المسجد کی نیت بھی کی جا سکتی ہے، اس صورت میں دونوں ادا ہو جائیں گی اور دونوں کا ثواب حاصل ہو گا۔ عالمگیری میں ہے: یکرہ فیہ التطوع باکثر من سنۃ الفجر ترجمہ: طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیان دو رکعت سنت فجر کے علاوہ کوئی نفل جائز نہیں۔ (عالمگیری، ج1، ص59)

در مختار میں ہے: ولو نوافلتین کسنۃ فجر وتحیۃ مسجد فعنھما ترجمہ: اگر کسی نے دو نفلوں کی نیت کی جیسے سنت فجر اور تحیت المسجد تو یہ دونوں کی طرف سے کفایت کرے گی۔ (در مختار، جلد2، صفحہ 155)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 ربیع الآخر 1443/14 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30 سورۃ فاتحہ سے پہلے سورت شروع

سوال: اگر سورہ فاتحہ سے پہلے سورت شروع کر دی اور یاد آنے پر سورت پڑھی تو نماز کا کیا ہے؟ User ID: رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سورۃ الفاتحہ کا سورت سے پہلے پڑھنا نماز کے واجبات میں سے ہے تو اگر کسی نے بھول کر سورۃ الفاتحہ سے پہلے سورت پڑھنا شروع کر دی اور ایک آیت کی مقدار پڑھ لی تو سجدہ سہو واجب ہو گیا، اب اگر اس کو سورت پڑھنے کے دوران یاد آگیا تو سورت پڑھنا ترک کر دے اور سورۃ الفاتحہ پڑھے پھر واجب قراءت کرے اور آخر میں سجدہ سہو کرے تو اس کی نماز درست ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: الحمد پڑھنا بھول گیا اور سورت شروع کر دی اور بقدر ایک آیت کے پڑھ لی اب یاد آیا تو الحمد پڑھ کر سورت پڑھے اور سجدہ واجب ہے۔ یوہیں اگر سورت کے پڑھنے کے بعد یا رکوع میں یا رکوع سے کھڑے ہونے کے بعد یاد آیا تو پھر الحمد پڑھ کر سورت پڑھے اور رکوع کا اعادہ کرے اور سجدۂ سہو کرے۔

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 711)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الآخر 1443/19 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

31

فرض کی تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد بسم اللہ

سوال: فرض کی تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد بسم اللہ پڑھ لی تو کیا سجدہ سہو واجب ہو گا؟ **User ID: کمال الدین**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں اگرچہ قراءت واجب نہیں مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ قراءت کرنے سے سجدہ سہو واجب ہو گا بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کی جگہ تین بار تسبیح پڑھ لی یا تین تسبیح کی مقدار خاموش رہا تو بھی نماز ہو جائے گی لہٰذا اگر کسی نے فرض کی تیسری اور چوتھی میں سورۃ فاتحہ پڑھی اور اس کے بعد بسم اللہ بھی پڑھ لی تو اس سجدہ سہو واجب نہیں ہو گا بلکہ امام و منفرد کو چاہیے کہ فاتحہ پڑھیں کہ یہ افضل ہے۔

(ماخوذ از: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 711، 531)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 ربیع الآخر 1443/14 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

32 ایک رکعت نفل کھڑے ہو کر دوسری بیٹھ کر

سوال: اگر کسی نے دو رکعت نفل میں ایک رکعت بیٹھ کر پڑھنے کے بعد دوسری کھڑے ہو کر پڑھی تو کیا حکم ہے؟

User ID: یاسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نفل نماز میں چونکہ قیام فرض نہیں لہذا اگر کسی نے نفل نماز بیٹھ کر شروع کی پھر کھڑا ہو گیا یا کھڑے ہو کر شروع کی پھر بیٹھ گیا چاہے ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھے ایک بیٹھ کر یا ایک ہی رکعت کو کچھ کھڑے ہو کر کچھ بیٹھ کر تو یہ سب صورتیں جائز ہیں اور نماز بھی ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: کھڑے ہو کر شروع کی تھی پھر بیٹھ گیا یا بیٹھ کر شروع کی تھی پھر کھڑا ہو گیا دونوں صورتیں جائز ہیں، خواہ ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھی ایک بیٹھ کر یا ایک ہی رکعت کے ایک حصہ کو کھڑے ہو کر پڑھا اور کچھ حصہ بیٹھ کر۔ مگر دوسری صورت یعنی کھڑے ہو کر شروع کی پھر بیٹھ گیا اس میں اختلاف ہے، لہذا اِبچنا اَولیٰ۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 671)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الآخر 1443/24 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

33

نماز میں جیب سے ٹوپی نکالنا

سوال: نماز میں جیب سے ٹوپی نکال کر پہننا عمل کثیر ہے؟

User ID: ابو حنظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز کے دوران جیب سے ٹوپی نکال کر پہننا عمل کثیر ہے اور عمل کثیر جس کا تعلق اعمال نماز یا اصلاح نماز سے نہ ہو اس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ بہار شریعت میں ہے: جس کام کے کرنے والے کو دُور سے دیکھ کر اس کے نماز میں نہ ہونے کا شک نہ رہے، بلکہ گمان غالب ہو کہ نماز میں نہیں تو وہ عمل کثیر ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 609)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 ربیع الآخر 1443/14 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

34 واسکٹ کے بٹن کھلے رکھنا

سوال: کیا نماز میں واسکٹ کے بٹن یا جیکٹ کی زپ بند کرنا ضروری ہے؟

User ID: ذیشان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں واسکٹ کے بٹن یا جیکٹ کی زپ بند کرنا ضروری نہیں، اگر ان کو کھول کر بھی نماز پڑھی تو نماز ہو جائے گی مگر بہتر ہے بند کر لیا جائے کیونکہ بعض اوقات کھلے ہونے کی وجہ سے نماز کے خشوع و خضوع میں کمی آجاتی ہے۔ فتاوی فقیہ ملت میں ہے: اس طرح کپڑا پہن کر نماز پڑھی کہ نیچے کرتے کا سارا بٹن بند ہے اور اوپر شیر وانی یا صدری کا کل یا بعض بٹن کھلا ہے تو حرج نہیں۔

(فتاوی فقیہ ملت، جلد 1، صفحہ 174)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ والہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ربیع الاول 1443/27 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جماعت

35

فرض نماز شروع کرنے کے بعد جماعت

سوال: اگر بندہ کسی نئی مسجد میں جائے اور وہاں فرض شروع کر دے اور اسی وقت جماعت کھڑی ہو جائے تو کیا کرے؟

User ID: رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس مسئلہ کی مختلف صورتیں ہیں: (1) اگر ابھی پہلی رکعت کا سجدہ نہیں کیا اور جماعت شروع ہو گئی تو ایک سلام پھیر کر نماز توڑ دے اور جماعت میں شامل ہو جائے۔ (2) اگر پہلی رکعت کا سجدہ کر لیا (اور دوسری کا سجدہ ابھی تک نہیں کیا) اور جماعت شروع ہو گئی تو اگر فجر یا مغرب کی نماز ہے تو ایک طرف سلام پھیر کر نماز توڑ دے اور جماعت میں شامل ہو جائے اور اگر ظہر، عصر یا عشاء کی نماز ہے تو دوسری رکعت پڑھ کر جماعت میں شامل ہو۔ (3) اگر دوسری رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد جماعت شروع ہوئی تو فجر و مغرب کی نماز مکمل کرلے اور جماعت میں شامل نہ ہو اور ظہر، عصر اور عشاء میں دوسری رکعت مکمل کر کے جماعت میں شامل ہو جائے۔ (4) اگر تیسری رکعت کا سجدہ نہیں کیا اور جماعت شروع ہو گئی تو ظہر، عصر اور عشاء میں ایک طرف سلام پھیر کر نماز سے باہر آجائے اور جماعت میں شامل ہو اور مغرب کی نماز ہو تو مکمل کرلے اور جماعت میں شامل نہ ہو۔ (5) اگر تیسری کا سجدہ کر لیا اور جماعت شروع ہوئی تو ظہر، عصر اور عشاء میں چار رکعتیں مکمل کرلے، ظہر و عشاء میں چاہے تو نفل کی نیت سے شامل ہو جائے اور عصر میں جماعت میں شامل نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 ربیع الاخر 1443/9 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

36 مسافر امام کے پیچھے نماز

سوال: امام مسافر ہو اور بعض مقتدی مسافر ہوں اور بعض مقیم تو مقتدی نماز کیسے پڑھیں گے؟

User ID: حافظ عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر مسافر ہو تو جو مقتدی مسافر ہیں وہ چار رکعت والی فرض نماز میں امام کے ساتھ یعنی دو رکعت پر سلام پھیر دیں گے اور مقیم مقتدی امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی بقیہ نماز پڑھنے کھڑے ہو جائیں گے اور اپنی بقیہ دو رکعت میں قراءت نہیں کریں بلکہ جتنی دیر میں سورۃ الفاتحہ پڑھی جاتی ہے اتنی دیر خاموش رہیں گے۔ بہار شریعت میں ہے: ادا و قضا دونوں میں مقیم مسافر کی اقتدا کر سکتا ہے اور امام کے سلام کے بعد اپنی باقی دو رکعتیں پڑھ لے اور ان رکعتوں میں قراءت بالکل نہ کرے بلکہ بقدر فاتحہ چپ کھڑا رہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 748)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ربیع الآخر 1443/31 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جمعہ

37

خطبہ کے دوران مؤذن کا چلنا

سوال: ہماری مسجد میں جمعہ کی دوسری اذان فنائے مسجد میں ہوتی ہے اور مؤذن صاحب اذان کے بعد عین مسجد میں داخل ہو کر اپنی جگہ تک آتے ہیں تو خطبہ شروع ہو جاتا ہے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عتیق قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خطبہ کے دوران چلنا پھرنا حرام ہے لہذا مؤذن کا خطبہ کے دوران چل کر اپنی جگہ پر آنا ناجائز و گناہ ہے، اس کا حل یہ ہو سکتا ہے کہ اذان ثانی کے لئے کسی اور صحیح خواں کی ذمہ داری لگا دی جائے یا پھر خطیب صاحب اذان کے بعد اتنی دیر رک جائیں کہ مؤذن صاحب اپنی جگہ پر آ جائیں۔ در مختار میں ہے: کل ما حرم فی الصلوۃ حرم فیھا ای فی الخطبۃ فیحرم اکل و شرب و کلام ولو تسبیحاً او رد السلام او امر بمعروف بل یجب علیہ ان یستمع و یسکت بلا فرق بین قریب و بعید ترجمہ: ہر وہ کام جو نماز میں حرام ہے، خطبے میں بھی حرام ہے، لہذا کھانا، پینا، کلام کرنا اگرچہ تسبیح ہو یا سلام کا جواب یا نیکی کا حکم ہو، دورانِ خطبہ حرام ہے، بلکہ اس پر واجب ہے کہ (خطیب) کا دور و نزدیک کا فرق کیے بغیر سنے اور خاموش رہے۔ (در مختار، جلد 3، صفحہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ربیع الآخر 1443/ 2 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

38

جمعہ کی تقریر کی ویڈیو بنانا

سوال: جمعہ کے عربی خطبہ سے پہلے جو تقریر ہوتی ہے اس کی ویڈیو بنانا کیسا؟

User ID: احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جمعہ کے عربی خطبہ سے پہلے جو تقریر ہوتی ہے اس کی ویڈیو بنانا شرعا جائز ہی نہیں بلکہ اس کی ویڈیو بنا کر آگے پہنچانا باعث اجر وثواب اور اشاعت دین کا ذریعہ ہے البتہ چند باتوں کا خیال رکھا جائے۔ ویڈیو بنانے کے سارے انتظامات پہلے کر لیے جائیں اور دوران بیان کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جس سے سننے والوں کی توجہ بٹے۔ بیان صحیح العقیدہ سنی عالم یا درست بیان کرنے والے مبلغ کا ہو ورنہ بد مذہب یا غلط بیان کرنے والے سے بیان کروانا ہی ناجائز ہے۔ فی زمانہ اس بات کی حاجت ہے کہ مستند علماء کرام ومفتیان عظام کے بیانات لوگوں میں عام کیے جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الاخر 1443/19 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نمازِ جنازہ

39

جنازہ کو لے کر جانے کا طریقہ

سوال: جب جنازہ کو لے کر جاتے ہیں تو کیا سر قبلہ کی طرف ہونا ضروری ہے؟

User ID: نوراحمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جب جنازہ کو لے کر چلیں تو درست طریقہ یہ ہے کہ میت کا سر آگے اور پاؤں پیچھے کی طرف ہونے چاہیے، سر آگے رکھنے میں پاؤں قبلہ کی طرف ہوتے ہوں پھر بھی سر آگے ہی رکھا جائے گا۔ حبیب الفتاوی میں ہے: حبیب الفتاوی میں ہے: جب جنازہ اٹھا کر چلیں، تو اس وقت میت کا سر آگے رکھا جائے اور پاؤں پیچھے ہو، یہی مسنون یعنی سنت ہے، اس کے خلاف کرنا، کہ پاؤں آگے ہو اور سر پیچھے، طریق مسنون کے مخالف ہے۔ (حبیب الفتاوی، جلد 1، صفحہ 637)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــه

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 ربیع الآخر 1443/11 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

قسم

40

قرآن کی قسم

سوال: اگر کسی نے قرآن کی قسم کھا کر توڑ دی تو کیا کفارہ ہو گا؟

User ID: ظفر اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرآن کی قسم شرعی قسم ہے لہذا اس سے بھی قسم منعقد ہو جاتی ہے اور اگر قسم توڑی تو کفارہ ادا کرنا ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: خدا کی جس صفت کی قسم کھائی جاتی ہو اوس کی قسم کھائی ہو گئی مثلاً۔۔ قرآن کی قسم، کلام اللہ کی قسم، ان الفاظ سے بھی قسم ہو جاتی ہے۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 301)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الآخر 1443/10 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

41

بیوی کو ہاتھ نہ لگانے کی قسم

سوال: میں نے غصے میں بیوی کو کہا میں قسم کھاتا ہوں کہ آج کے بعد تم کو ہاتھ نہیں لگاؤں گا، اب کیا حکم ہے؟

User ID: مدثر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوال میں مذکور الفاظ ایلا کنایہ کے ہیں اور یہ موبد کی صورت ہے لہذا بولنے والے نے اگر اس جملے سے جماع نہ کرنا مراد لیا تو ایلا ہو جائے گا، اب اگر چار ماہ سے پہلے جماع کر لیا تو قسم ٹوٹ جائے گی اور کفارہ دینا ہوگا اور اگر چار ماہ تک نہ کیا تو ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: ایلا دو ۲ قسم ہے ایک موقت یعنی چار مہینے کا، دوسرا موبد یعنی چار مہینے کی قید اُس میں نہ ہو بہر حال اگر عورت سے چار ماہ کے اندر جماع کیا تو قسم ٹوٹ گئی اگرچہ مجنون ہو اور کفارہ لازم۔ (بہار شریعت، ج2، ص183)

مزید فرماتے ہیں: کنایہ وہ جس سے معنی جماع متبادر نہ ہوں دوسرے معنی کا بھی احتمال ہو اس میں بغیر نیت ایلا نہیں۔۔ کنایہ کے بعض الفاظ یہ ہیں: تیرے بچھونے کے قریب نہ جاؤنگا، تیرے ساتھ نہ لیٹوں گا، تیرے بدن سے میرا بدن نہ ملے گا، تیرے پاس نہ رہوں گا، وغیرہا۔ (صفحہ185)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 ربیع الآخر 1443/29 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وقف

42

مسجد کا چندہ جمع کرنے پر اجارہ

سوال: مسجد کمیٹی نے ایک شخص کو روڈ پر مسجد کے لئے چندہ کرنے کے لئے اجارے پر رکھا ہے شرعا کیا حکم ہے؟

User ID: عبداللہ قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کا چندہ جمع کرنے کے لئے کسی کو اجارہ پر رکھنا جائز ہے اور اگر پہلے سے اسی چندے میں سے اجرت دینے کی شرط نہ ہو تو بعد میں اسی جمع کئے ہوئے چندے میں سے اجرت دینا جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 ربیع الاخر 1443/29 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

43

مسجد کی عمارت سے نکلنے والی لکڑیاں

سوال: مسجد کے ایک حصہ کی چھت کو دوبارہ تعمیر کروانے کے لئے گرایا ہے تو کچھ لکڑیاں نکلی ہیں اس کو بیچنا کیسا؟

User ID: محمد راشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر ضرورت کی وجہ سے مسجد کے کسی حصہ کو منہدم کیا تاکہ اس جگہ کو دوبارہ تعمیر کیا جاسکے تو اس میں جو لکڑیاں نکلیں اگر وہ اب عمارت مسجد کے کام کی نہیں اور اس کو سنبھال کر رکھنے میں اس کے ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہو تو ان لکڑیوں کو بیچ سکتے ہیں مگر جو رقم آئے گی اس کو محفوظ رکھا جائے گا اور عمارت کے ہی کسی کام میں لگائی جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ہاں اگر معاذ اللہ مسجد کی کچھ بنا منہدم ہو جائے یا اس میں ضعف آجانے کے سبب خود منہدم کرکے از سر نو تجدید عمارت کریں اب جو اینٹوں کڑیوں تختوں کے ٹکڑے حاجت مسجد سے زائد بچیں کہ عمارت مسجد کے کام نہ آئیں اور دوسرے وقت حاجت عمارت کے لئے اٹھا رکھنے میں ضائع ہونے کا خوف ہو تو ان دو شرطوں سے ان کی بیع میں مضائقہ نہیں مگر اذن قاضی درکار ہے اور اس کی قیمت جو کچھ ہو وہ محفوظ رکھی جائے کہ عمارت ہی کے کام آئے۔

(فتاوی رضویہ، جلد 16، صفحہ 265)

اسی جلد میں ہے: مسجد کی لکڑیاں یعنی چوکھٹ، کواڑ، کڑی، تختہ، یہ بیچ کر خاص عمارت مسجد کے کام میں صرف ہو۔ (صفحہ 408)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الآخر 1443/10 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

44

مزار کے چندے میں آنے والے پیسے

سوال: مزار کے چندے میں آنے والے پیسے مسجد یا مدرسہ میں خرچ کرنا کیسا؟

User ID: عبداللہ قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چندے کا یہ اصول ہے کہ جس کام کے لئے دیا گیا یا جمع کیا گیا یا جن کاموں میں خرچ کرنے کا عرف ہے انہی کاموں میں خرچ کر سکتے ہیں اس کے علاوہ کسی کام میں استعمال کرنا ناجائز ہے، مزارات کے غلے میں ڈالے جانے والے پیسے اسی عمارت کے کاموں میں خرچ کرنے کا عرف ہے لہذا اسی میں ہی خرچ کر سکتے ہیں، کسی اور مسجد یا مدرسے میں وہ رقم خرچ کرنا جائز نہیں البتہ مسجد اسی مزار کے احاطے میں ہو تو اس میں خرچ کرنا جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الاول 1443/24 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

زکوۃ
و
عشر

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

45

لکڑی پر عشر

سوال: کیا لکڑی پر بھی عشر ہے؟

User ID: سید احمد رضا نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لکڑی سے عموما زمین کے منافع حاصل نہیں کیے جاتے نہ ہی اس کو باقاعدہ کاشت کیا جاتا ہے لہذا عام حالات میں اس پر عشر نہیں لیکن اگر کوئی زمین کو لکڑیوں کے لئے خالی کر دے یعنی زمین کو اس میں مشغول کر دے اور لکڑی باقاعدہ کاشت کرے تو لکڑی پر بھی عشر ہو گا۔ در مختار میں ہے: لو شغل ارضہ بھا یجب العشر ترجمہ: اگر کوئی اپنی زمین ان (لکڑی، گھاس وغیرہ) میں مشغول کر دے تو عشر واجب ہو گا۔

(شامی، جلد 3، صفحہ 316)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الآخر 1443/19 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

46

بہو کو زکوۃ دینا

سوال: کیا سسر اپنی بہو کو زکوۃ یا عشر دے سکتا ہے؟

User ID: مشتاق احمد تبسم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بہو مستحقہ زکوۃ ہو اور سیدہ یا ہاشمیہ نہ ہو تو اس کو زکوۃ یا عشر دینا جائز ہے۔ ردالمحتار میں ہے: ویجوز دفعھا لزوجۃ ۔۔ ابنہ ترجمہ: اور اپنی بہو کو زکوۃ دینا جائز ہے۔

(شامی، ج3، ص344)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 جمادی الاولی 1443/28 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حج
و
عمرہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

47

مدینہ میں حاضری کے بعد زیارات

سوال: ہمارا 17 دن مدینے میں قیام ہے ہم پوری نماز پڑھ رہے تھے مگر اس دوران ہم بدر کے مقام پر گئے تو اب نماز کا کیا حکم ہے؟

User ID: احمد کھوکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر آپ کی پہلے سے ہی یہ نیت تھی کہ 15 دن سے پہلے ہم بدر کی زیارت کے لئے جائیں گے تو آپ کی اقامت کی نیت درست نہ ہوئی بلکہ آپ وہاں مسافر ہی تھے کیونکہ بدر، مدینہ سے شرعی مسافت پر ہے اور مقیم ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کسی مقام پر 15 دن مستقل رکنے کی نیت ہو اور درمیان میں وہاں سے مسافت شرعی پر جانے کی نیت نہ ہو، لہذا آپ پر لازم تھا کہ آپ قصر نماز پڑھتے اس لئے اب فرض نمازوں کو دو دو کر کے دوبارہ پڑھنا ضروری ہوگا اور اب بدر سے واپس آنے کے بعد مدینہ میں 15 دن سے کم کا قیام ہے تو نماز قصر ہی پڑھنی ہوگی۔ اور اگر پہلے سے مسافت شرعی پر جانے کی نیت نہیں تھی تو پہلے نمازیں پوری ہی پڑھنی تھیں بدر سے واپس آکر اگر 15 دن کا قیام نہیں تو مسافر ہیں قصر پڑھیں گے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الآخر 1443/23 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48 عمرہ کے ٹکٹ بذریعہ قرعہ اندازی

سوال: ایک کمیٹی لوگوں سے ہزار روپے فی بندہ جمع کرتی ہے اور انہیں ٹوکن دے کر قرعہ اندازی میں شامل کر لیتی ہے، قرعہ اندازی میں جس کا نام نکلے اس کو عمرہ کا ٹکٹ دیا جاتا ہے باقیوں کو کچھ نہیں ملتا ایسا کرنا کیسا؟ User ID: سیف الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قرعہ اندازی کرنے کا یہ طریقہ ناجائز اور گناہ ہے کیونکہ یہ انداز جوئے پر مشتمل ہے اور جوا ناجائز اور حرام ہے۔ جوئے کی تعریف یہ ہے کہ اپنے مال کو اس طرح خطرے پر پیش کرنا کہ غالب کا مال مغلوب کو دیا جائے اور قرعہ اندازی کے اس طریقے میں اپنے مال کو خطرے پر پیش کرنا پایا جا رہا ہے کیونکہ جس نے ہزار روپے دے کر ٹوکن لیا اگر اس کا نام نہ آیا تو اس کے ہزار روپے ضائع ہو جائیں گے اور یہی جوا ہے۔ التعریفات میں ہے: کل لعب یشترط فیہ غالبا من المتغالبین شئی من المغلوب ترجمہ: ہر وہ کھیل جس میں مغلوب کی کوئی چیز غالب کو دینا مشروط ہو۔ (التعریفات، ص150)

وقار الفتاوی میں ہے: ایسی کوئی لاٹری جائز نہیں جس میں قرعہ اندازی کرنے سے اگر کسی ممبر کا نام نہ نکلے تو اس کا اپنا روپیہ ختم ہو جائے گا اور جس کا نام نکلا وہ دوسروں کا روپیہ حاصل کر لے، یہ جوا ہے۔ (3/310)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الاول 1443/24 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

49

احرام کہاں سے باندھیں

سوال: احرام گھر یا ائیر پورٹ سے باندھنا ضروری ہے؟

User ID: نجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی مسئلہ یہ ہے کہ جو شخص حرم میں جانے کی نیت سے میقات سے گزرے اس پر عمرہ کی نیت کرنا اور حالت احرام میں ہونا ضروری ہے، احرام کی چادریں بھی عمرہ کی پابندیوں میں سے ہے لہذا میقات سے پہلے پہلے یہ چادریں پہن لینا ضروری ہے، گھر یا ائیر پورٹ سے بھی احرام کی چادریں پہننا اور عمرہ کی نیت کرنا جائز ہے مگر بہتر یہ ہے کہ چادریں پہلے باندھ لے اور عمرہ کی نیت جہاز اڑھنے کے کچھ دیر بعد کرلے کیونکہ بعض اوقات گھر سے نیت کرلی جاتی ہے اور فلائٹ مؤخر ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے زائرین کو سخت آزمائش کا سامنا ہوتا ہے۔ (ملخصا: رفیق الحرمین، صفحہ 26/25)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ربیع الآخر 1443/3 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

50

جدہ جانے والے احرام

سوال: میں پاکستان سے جدہ جارہاہوں کام کے لئے کیا مجھے احرام باندھنا ضروری ہے ؟

User ID: حمزہ رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جدہ جانے والے کو احرام باندھنا اور عمرہ کی نیت کرنا ضروری نہیں اس لئے کہ جدہ حل میں ہے اور حل میں جانے والے کو احرام کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر کسی اور جگہ مثلاً جدہ جانا چاہتا ہو تو اسے احرام کی ضرورت نہیں۔

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ربیع الآخر 1443/3 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

51

عورت کا بغیر محرم عمرہ پر جانا

سوال: ایک بیوہ عورت ہے اس کا کوئی محرم نہیں وہ کسی گروپ کے ساتھ عمرہ پر جا سکتی ہے؟

User ID: ثان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کا بغیر محرم یا شوہر کے سفر شرعی کرنا یعنی ایسا سفر جس کا فاصلہ کم از کم 92 کلو میٹر ہو ناجائز ہے چاہے یہ سفر حج و عمرہ ہی کے لئے کیوں نہ ہو اس کو اس سفر کی اجازت نہیں۔ لہذا وہ بیوہ عورت بغیر محرم کے عمرہ پر نہیں جا سکتی، نہ کسی گروپ یا دور کے رشتے دار کے ساتھ اور نہ ہی کسی اور کو محرم بنا کر کہ یہ دھوکہ اور جھوٹ ہے جو کہ ناجائز و حرام ہے۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الآخر 1443/5 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

52

سعی کا ایک چکر لگا کر حلق

سوال: اگر کسی نے صفا مروہ کا ایک چکر لگا کر حلق کروالیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: سہیل قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عمرہ کی سعی کا حالت احرام میں حلق یا تقصیر سے پہلے ہونا واجب ہے اگر کسی نے سعی مکمل کرنے سے پہلے حلق کروالیا تو اس پر دم لازم ہے مگر سعی ساقط نہیں ہو گی البتہ اب احرام میں کرنا ضروری نہیں لہذا اس پر لازم ہے کہ دم ادا کرے اور باقی رہ جانے والے چکر ادا کرے۔

(ملخصا: 27 واجبات حج، صفحہ 66)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الآخر 1443/10 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53

حرم سے مسجد عائشہ بغیر محرم جانا

سوال: ہماری فیملی پاکستان سے مکہ آئی ہے ایک عمرہ کرنے کے بعد اب اسلامی بہن عمرہ کرنا چاہتی ہیں مگر ان کے ساتھ مسجد عائشہ جانے کے لئے کوئی محرم نہیں کیاوہ گروپ کے لوگوں کے ساتھ جا سکتی ہیں؟

User ID: جعفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حرم سے مسجد عائشہ چونکہ سفر شرعی پر نہیں لہذا عورت بغیر محرم کے گروپ کے لوگوں کے ساتھ جا سکتی ہے البتہ ایسے مقام سے عمرہ کرنا ہو جو سفر شرعی پر واقع ہو وہاں جانے کے لئے محرم کا ہونا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 ربیع الآخر 1443/25 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

54

قرض لے کر حج

سوال: میرے پاس گولڈ کافی ہے مگر کیش نہیں کیا میں کسی سے ادھار لے کر حج کر سکتا ہوں بعد میں اس کو لوٹادوں؟

User ID: رانا کاشف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلا حاجت قرض لینے کی اسلام میں پذیرائی نہیں بلکہ اس کی مشروعیت ضرورت کی بنا پر ہے تو اگر آپ کے پاس گولڈ موجود ہے تو اسی کو بیچ کر رقم کا انتظام کیا جائے اور قرض لینے سے گریز کیا جائے، اگر کسی سبب سے گولڈ بکنے کی صورت نہ ہو سکے اور وقت کم ہو تو قرض لے کر حج کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الاخر 1443/10 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نکاح
و
طلاق

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

AL RAZA QURAN O FIQH ACADEMY

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55 رخصتی سے پہلے عورت کا نفقہ

سوال: اگر نکاح ہو گیا مگر رخصتی نہ ہوئی تو کیا شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہے؟ User ID: علی گیلانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے شوہر پر اپنی بیوی کا نفقہ واجب ہو گا بشرطیکہ جب شوہر بیوی سے اپنے گھر منتقل ہونے کا مطالبہ کرے تو عورت منع نہ کرے یا شوہر منتقل کا مطالبہ ہی نہ کرے تو بھی مفتی بہ قول کے مطابق شوہر پر نفقہ واجب ہو گا، اگر شوہر مطالبہ کرے اور عورت مہر معجل کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ سے انکار کرے تو بھی مرد پر نفقہ واجب ہو گا اور اگر شوہر عورت سے اپنے گھر منتقل ہونے کا مطالبہ کرے اور عورت مہر معجل کی ادائیگی کے باوجود انکار کرے تو چونکہ اب یہ ناشزہ ہے لہذا اس کا نفقہ واجب نہیں ہو گا۔ در مختار میں ہے: ولو ھی فی بیت أبیھا إذا لم یطالبھا الزوج بالنقلۃ بہ یفتی، وکذا إذا طالبھا، ولم تمتنع، أو امتنعت للمھر ترجمہ: (شوہر پر نفقہ واجب ہو گا) اگرچہ عورت اپنے والد کے گھر ہو جب کہ شوہر اپنے گھر لانے کا مطالبہ نہ کرے یہی مفتی بہ قول ہے، اسی طرح نفقہ واجب ہو گا جبکہ شوہر مطالبہ کرے اور بیوی منع نہ کرے یا مہر کی وجہ سے منع کرے۔ (در مختار، جلد 3، صفحہ 575)

بدائع میں ہے: وکذلك إذا لم ینقلھا وھی بحیث لا تمنع نفسھا وطلبت النفقۃ ولم یطالبھا بالنقلۃ فلھا النفقۃ: لأنہ وجد سبب الوجوب وھو استحقاق الحبس، وشرطہ وھو التسلیم علی التفسیر الذی ذکرنا، فالزوج بترك النقلۃ ترك حق نفسہ مع إمکان الاستیفاء، فلا یبطل حقھا فی النفقۃ، فإن طالبھا بالنقلۃ فامتنعت، فإن کان امتناعھا بحق بأن امتنعت لاستیفاء مھرھا العاجل، فلھا النفقۃ: لأنہ لا یجب علیھا التسلیم قبل استیفاء العاجل من مھرھا، فلم یوجد منھا الامتناع من التسلیم وقت وجوب التسلیم۔ (4 '19)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ربیع الاخر 1443/21 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

56

شوہر نامرد ہو تو نکاح

سوال: شوہر نامرد ہو اور صحبت نہ کر سکے تو کیا نکاح ٹوٹ جاتا ہے؟　　User ID: احسان نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شوہر اگر نامرد ہو اور صحبت نہ کر سکتا ہو تو اس سے نکاح پر اثر نہیں پڑتا، اگر عورت اس کے نکاح میں رہنے پر راضی ہو تو مطلقا حرج نہیں اور اگر عورت راضی نہ ہو تو مرد کو علاج کروانے کے لئے قمری مہینوں کے حساب سے ایک سال کا وقت دیا جاتا ہے، اس کے بعد بھی نکاح نہیں ٹوٹتا بلکہ قاضی طلاق دینے کا حکم دیتا نہ دینے کی صورت میں تفریق کرتا ہے۔(اس کی مزید بھی تفصیل ہے مگر یہاں یہ بتانا مقصود ہے کہ اس سے خود بخود نکاح نہیں ٹوٹتا)۔ فتاوی رضویہ میں ہے: نکاح کے درست ہونے کے لیے نامرد نہ ہونا شرط نہیں ہے، اور اگر یہ بات ہوتی تو پھر نامرد کے سلسلہ میں قاضی کے ہاں پیش کرنے اور قاضی کا مہلت دینا، عورت کا مطالبہ، اور پھر قاضی کی تفریق وغیرہ امور ذکر کرنے کی فقہاء کو ضرورت پیش نہ آتی۔(ج11،ص28)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 جمادی الاولی 1443/28 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

57

کورٹ کی طلاق

سوال: عدالت (کورٹ) میں شوہر کی پیشی نہ ہونے پر جج کا طلاق / تنسیخ نکاح کا حکم کرنا کیسا کیا طلاق ہو جائے گی؟ User ID: احسان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ کریم نے طلاق کا اختیار مرد کو دیا ہے لہذا جب تک مرد یا مرد نے جس کو طلاق دینے کا کہا وہ طلاق نہ دے اس وقت تک کسی کے کہنے سے طلاق نہیں ہوتی۔ کورٹ میں شوہر کی چند غیر حاضریوں پر جج طلاق یا خلع یا تنسیخ نکاح کا حکم دے دیتا ہے اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی، مرد و عورت پہلے کی طرح شوہر بیوی رہتے ہیں اور عورت کا آگے نکاح کرنا حرام ہے، اگر نکاح کیا تو عورت کا نکاح نہیں ہوگا۔ اللہ پاک فرماتا ہے: بِیَدِہٖ عُقْدَۃُ النِّکَاحِ

ترجمہ: (وہ شوہر) جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے۔ (البقرہ: 237)

حدیث میں ہے: انما الطلاق لمن اخذ بالساق ترجمہ: طلاق تو اسی کا حق جو عورت کی پنڈلی پکڑے۔ (ابن ماجہ، حدیث 2081)

شرح: الطلاق حق الزوج الذی لہ ان یاخذ بساق المرأۃ لاحق المولی ترجمہ: طلاق اس شوہر کا حق ہے جس کو عورت کی پنڈلی پکڑنا (صحبت کرنا) جائز ہے نہ کہ آقا کا حق ہے۔ (حاشیہ سندی، ج 1، ص 641)

فتاوی فیض الرسول میں ہے: کورٹ کی طلاق سے عورت کو دوسرا نکاح حرام اشد حرام ہے ہرگز جائز نہیں کہ طلاق دینے کا اختیار شوہر کو ہے نہ کہ کورٹ کو۔ (فتاوی فیض الرسول، جلد 2، ص 126)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 جمادی الاولی 1443 / 28 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

خواتین کے مسائل

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

58

فرض غسل سے پہلے موئے زیر ناف کاٹنا

سوال: حیض یا نفاس سے فارغ ہو کر غسل سے پہلے موئے زیر ناف اور ناخن کاٹنا کیسا؟ User ID: محمد سخاوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر حیض یا نفاس مکمل بند ہو گیا ہے مگر عورت نے ابھی غسل نہیں کیا تو اس حالت میں غیر ضروری بال اور ناخن کاٹنا مکروہ تنزیہی ہے، یعنی نہ کاٹنا بہتر ہے لیکن کاٹے تو گناہ نہیں کیونکہ اب یہ عورت جنبی کی طرح ہو گئی یعنی اب اس پر غسل فرض ہو گیا، تو جس طرح جنبی کو ناخن وغیرہ کاٹنا مکروہ تنزیہی ہے اسی طرح اس عورت کے لئے بھی یہی حکم ہے، اور اگر حیض یا نفاس بند نہیں ہوا تو ناخن اور غیر ضروری بال کاٹنا بغیر کسی کراہت کے جائز ہے۔ البتہ یہ یاد رہے کہ بال وغیرہ چالیس دن سے نہ کاٹیں ہوں تو اب کاٹنا ضروری ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الآخر 1443/5 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

59

حمل ساقط ہونے پر آنے والا خون حیض یا نفاس

سوال: اگر کسی کا حمل ساقط ہو گیا تو جو خون آئے گا وہ حیض ہو گا یا نفاس؟ User ID: عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر حمل ساقط ہو گیا تو سب سے پہلے یہ دیکھا جائے گا کہ اس کا کوئی عضو مثلاً بال، انگلیاں، ناخن، ہاتھ، پاؤں وغیرہ بن چکا تھا یا نہیں، اگر کوئی عضو بننے کے بعد حمل ساقط ہوا تو آنے والا خون نفاس ہو گا۔ اور اگر عضو بننے سے پہلے حمل ساقط ہو گیا تو اگر یہ خون کم از کم تین دن رہا اور اس سے پہلے پندرہ دن پاکی کا زمانہ گزر چکا ہے تو یہ حیض ہو گا اور اگر تین دن نہ رہا یا اس سے پہلے پندرہ دن نہیں گزرے تو استحاضہ ہو گا۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 377)

یاد رہے عموماً عضو 120 دن میں بنتا ہے لیکن اگر اس سے پہلے بھی بن گیا تو آنے والا خون نفاس ہو گا یہی دار الافتاء اہلسنت کی تحقیق ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 ربیع الآخر 1443/28 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

60 SKIN TIGHTENING کروانا

سوال: skin tightening کروانا کیسا ہے؟

User ID: حیا فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

Skin Tightening چہرے کی جھریوں اور چھائیوں کو ختم کرنے اور چہرے کو خوبصورت بنانے کا ایک Non Surgical یعنی سرجری کے بغیر کریموں وغیرہ کے ذریعے ایک طریقہ ہے جس میں مختلف اشیاء کا استعمال ہوتا ہے، تو فی نفسہ اس میں حرج نہیں مگر اس میں چند باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؛ اس میں دھوکہ دینا مقصود نہ ہو، جو اشیاء استعمال کی جائیں اس میں حرام اجزاء شامل نہ ہوں، اس کو کروانے کا کوئی غیر شرعی مقصد نہ ہو مثلاً بے پردگی کے کسی مقابلے وغیرہ میں شامل ہونا، اور یہ مرد سے نہ کروائی جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ربیع الآخر 1443/31 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

61

خوبصورتی کے لئے سرجری کروانا

سوال: آج کل مرد و عورت خوبصورتی کے لئے چہرے کی سرجری کرواتے ہیں شرعا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سرجری میں جسم کے دوسرے حصوں کی کانٹ چھانٹ کر کے جلد لگائی جاتی ہو تو صرف خوبصورتی کے لئے چہرے کی سرجری کروانا ناجائز ہے کیونکہ اس صورت میں یہ مثلہ ہے اور مثلہ ناجائز ہے، اس طرح کی سرجری صرف اشد ضرورت و حاجت کے وقت جائز ہوتی ہے، مثلا کسی حادثہ یا جلنے کی صورت میں چہرہ بگڑ جائے تو اس بگاڑ کو دور کرنے کے لئے اس طرح کی سرجری کروانے کی اجازت ہے اور خوبصورتی شرعا ضرورت و حاجت میں داخل نہیں بلکہ یہ مقصد کریم وغیرہ جائز اشیاء سے بھی پورا ہو سکتا ہے۔ بخاری شریف میں ہے: انہ نھی عن النھبۃ والمثلۃ ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹ مار کرنے اور مثلہ سے منع فرمایا۔ (بخاری، حدیث 5516)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 ربیع الآخر 1443/ 2 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

62

عورت کا کاروبار کرنا

سوال: عورت کا کاروبار کرنا شرعا کیسا؟ UserID: محمد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شریعت کی حدود میں رہ کر عورت کا کاروبار کرنا جائز ہے اور اس کی آمدنی بھی حلال ہے۔ کاروبار کرنے کے لئے بعض اصول تو مرد و عورت سب کے لئے ہیں مثلا حلال اور جائز کاروبار کرنا، دھوکہ و جھوٹ سے بچنا وغیرہ، مگر چند باتوں میں عورت کو زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے مثلا بے پردگی سے بچنا، مردوں سے بلا ضرورت اور لوچ دار انداز میں بات کرنے سے بچنا، شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلنا، کسی مرد کے ساتھ تنہائی کا نہ ہونا وغیرہ۔ لہذا جو عورت ان شرائط کا خیال رکھتے اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 ربیع الاول 1443/26 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

63

سورج گہن کا حاملہ پر اثر

سوال: کیا سورج گہن کا حاملہ پر کوئی اثر ہوتا ہے؟

User ID: حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جہاں مسلمانوں میں دین سے دوری کی وجہ سے بہت ساری غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حاملہ عورت پر سورج گہن کا بہت اثر پڑتا ہے اور اس حوالے سے مختلف توہمات پائے جاتے ہیں مثلا حاملہ قینچی نہ لے، کوئی کپڑا نہ کاٹے وغیرہ، تو ان باتوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ بد شگونی لینا ہے جو کہ ناجائز ہے

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الاول 1443/25 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

64

دوران عدت والدہ کا انتقال

سوال: اگر دوران عدت عورت کی والدہ کا انتقال ہو جائے تو کیا وہ اس کی میت پر جا سکتی ہے؟

User ID: جانی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دوران عدت شرعی عذر کے بغیر عورت کا گھر سے باہر نکلنا جائز نہیں البتہ کوئی سخت مجبوری ہو تو علماء نے نکلنے کی اجازت دی ہے، اگر عدت میں عورت کی والدہ کا انتقال ہو جائے تو یہ گھر سے باہر نکلنے کا عذر ہے، لہذا وہ ایک نظر والدہ کو دیکھنے کے لئے اس کی میت پر جا سکتی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ربیع الاول 1443/27 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

متفرق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

65 مباہلہ کی تعریف

سوال: مباہلہ کسے کہتے ہیں؟

User ID: زوجہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مفتی قاسم قادری صراط الجنان میں مباہلہ کے بارے میں لکھتے ہیں: مُباہلہ کا عمومی مفہوم یہ ہے کہ دو مدمقابل افراد آپس میں یوں دعا کریں کہ اگر تم حق پر اور میں باطل ہوں تو اللہ تعالٰی مجھے ہلاک کرے اور اگر میں حق پر اور تم باطل پر ہو تو اللہ تعالٰی تجھے ہلاک کرے۔ پھر یہی بات دوسرا فریق بھی کہے۔ (صراط الجنان، جلد 1، صفحہ 493)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 جمادی الاولی 1443/28 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

66

نبی ﷺ کی پھوپھیوں کی تعداد اور ان کا اسلام

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھیوں کی تعداد کیا ہے اور کیا سب مسلمان تھیں ؟

User ID: نور محمد نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ(6) پھوپھیاں تھیں جن کے نام یہ ہیں: عاتکہ، امیمہ، ام حکیم، برہ، صفیہ اور اروی۔ ان میں سے حضرت بی بی صفیہ رضی اللہ عنھا کے بارے میں تمام مؤرخین کا اتفاق ہے کہ انھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا، ان کے علاوہ اروی، عاتکہ اور امیمہ کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعضوں نے لکھا ہے کہ وہ مسلمان ہو گئیں تھیں اور بعضوں کے نزدیک ان کا اسلام ثابت نہیں۔ (ملخصا: سیرت مصطفی، صفحہ 701)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الاخر 1443/5 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

67

غزوہ ہند کو غزوہ کہنا

سوال: غزوہ ہند میں تو حضور ﷺ تشریف نہیں فرما نہیں ہوں گے تو اسے غزوہ کہنا درست ہے؟

User ID: ملتا کاشف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

غزوہ کی اگرچہ تعریف یہی کی جاتی ہے کہ جس میں حضور ﷺ بنفس نفیس تشریف لے گئے ہوں مگر یہ کوئی قاعدہ کلیہ نہیں بلکہ غزوہ کا اطلاق اس پر بھی ہو سکتا ہے جس میں حضور ﷺ بظاہر تشریف نہ لے گئے ہوں جیسا کہ غزوہ موتہ میں حضور ﷺ تشریف نہیں لے گئے مگر اسے غزوہ ہی کہا جاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ احادیث کی کتابوں میں کتاب المغازی کا عنوان ہوتا ہے مگر اس میں غزوات و سرایا دونوں کا ذکر ہوتا ہے، اسی طرح سیرت کی کتابوں میں غزوات کا باب ہوتا ہے مگر ذکر دونوں کا ہوتا ہے تو پتا چلا کہ غزوہ کا لفظ سریہ کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ تیسرا یہ کہ حدیث میں خود غزوہ ہند کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں لہذا اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 ربیع الآخر 1443/9 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

68 پچھلی امتوں میں سوالاتِ قبر

سوال: کیا پچھلی امتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق قبر میں سوال ہوتا تھا یا یہ اس امت کا خاصہ ہے؟

User ID: محمد طیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

زیادہ صحیح قول کے مطابق سوالاتِ قبر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے ساتھ خاص ہیں۔ چنانچہ فتاوی حدیثیہ میں ہے: جزم الترمذی الحکیم و ابن عبد البر ایضا بان السؤال من خواص ھذہ الامۃ ترجمہ: حکیم ترمذی اور ابن عبد البر نے جزما کہا کہ سوالاتِ قبر اس امت کی خصوصیات سے ہیں۔ (فتاوی حدیثیہ، صفحہ 11)

شامی میں ہے: نقل العلقمی فی شرحه علی الجامع الصغیر ان الراجح ایضا اختصاص السوال بهذه الامة ترجمہ: علقمی نے اپنی شرح جامع صغیر میں نقل کیا ہے کہ سوالات قبر اس امت کے ساتھ خاص ہونے کا قول راجح ہے۔

(شامی، جلد2، صفحہ 191)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 ربیع الآخر 1443/16 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

69 میں نہیں پڑھتا کہنے کی وجہ

سوال: جب پہلی وحی نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے تیسری بار میں کیوں پڑھا؟ User ID: سعید انور فریدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شارحین حدیث نے اس کی مختلف وجوہات لکھی ہیں، مفتی شریف الحق رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ حضور ﷺ نزول وحی سے پہلے غار حرا میں اللہ پاک کی عبادت کیا کرتے تھے اور استغراق کی حالت میں ہوتے تھے۔ جب جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ پڑھیے تو اس وقت بھی نبی پاک ﷺ اللہ پاک کی یاد میں سرشار تھے لہذا کسی اور جانب توجہ کرنا گوارا نہ ہوا اور استغراق تام کی وجہ سے جواب دیا میں نہیں پڑھتا۔ جبریل علیہ السلام نے اس استغراق کو دور کرنے کے لئے سینے سے لگا کر تین بار قوت بھر دیا یا۔ جب تیسری بار میں غلبہ کی کیفیت مکمل ختم ہوئی اور سنا کہ میں جس عالم میں تھا یہ بھی اسی کی بات کر رہے ہیں تو فورا پڑھا۔

(نزہۃ القاری، ج 1، صفحہ 216)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 ربیع الآخر 1443/15 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

70

جس کا جسم جل یا ڈوب جائے اس کو عذاب

سوال: جس کا جسم جل جائے یا وہ ڈوب جائے اور لاش نہ ملے تو اس کو عذاب قبر کیسے ہو گا؟

User ID: عبدالغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عذاب قبر اور تنعیم قبر حق ہیں اور یہ جسم وروح دونوں پر ہیں اگرچہ کسی کا جسم جل جائے یا وہ ڈوب جائے کیونکہ انسان کے اجزائے اصلیہ قیامت تک باقی رہتے ہیں اور انہی پر عذاب یا ثواب ہو گا اور انہی پر دوبارہ انسان کو اٹھایا جائے گا، یہ اجزائے اصلیہ ایسے باریک ہیں جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتے ہیں انہیں نہ خوردبین سے دیکھا جا سکتا ہے نہ آگ انہیں جلا سکتی ہے نہ زمین انہیں گلا سکتی ہے اور وہی جسم کی اصل ہے۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 112)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الاول 1443/24 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Website: www.arqfacademy.com

Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy

Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ

فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

71 انسان کی پیدائش والی مٹی میں اس کی قبر

سوال: کیا یہ بات صحیح ہے کہ جہاں انسان دفن ہوتا ہے وہیں کی مٹی سے وہ بنایا جاتا ہے؟

User ID: محمد اکبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جی ہاں! یہ بات درست ہے کہ انسان کی پیدائش اسی مٹی سے ہوتی ہے جہاں اسے دفن کیا جائے گا۔ علماء کرام نے اس بات کو بیان کیا ہے بلکہ احادیث سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ حلیۃ الاولیاء میں ہے: ما من مولود الا وقد ذر علیہ من تراب حفرتہ ترجمہ: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: کوئی بچہ ایسا پیدا نہیں ہوتا جس پر اس کی قبر کی مٹی نہ چھڑکی گئی ہو۔ (حلیہ الاولیاء، ج2، ص280)

فتاوی افریقہ میں ہے: حضور ﷺ نے فرمایا: ہر مولود کی ناف میں اس کی قبر کی مٹی ہوتی ہے جس سے اسے پیدا کیا اور اسی میں وہ دفن ہوتا ہے۔ (فتاوی افریقہ، صفحہ 82)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 ربیع الآخر 1443/25 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

72

ٹھوکر لگنے پر بسم اللہ کہنا

سوال: ہمارے ہاں عورتوں کی عادت ہے کہ بچہ گر جائے یا ٹھوکر لگ جائے تو بسم اللہ کہتی ہیں ایسا کرنا کیسا؟

User ID: محمد خلیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی کے گرنے یا ٹھوکر لگنے پر بسم اللہ کہنا شرعا جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ اللہ کا ذکر ہے اور ایسے موقع پر اللہ کا ذکر کرنا مستحسن ہے، البتہ کوئی کھانے کے لئے بلائے اس وقت لوگ کہتے ہیں بسم اللہ کیجئے یہ ممنوع ہے۔ حدیث پاک میں ہے: عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ بْنِ أُسَامَةَ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَثَرَ بَعِيرُنَا فَقُلْتُ: تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُلْ تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَإِنَّهُ يَتَعَاظَمُ حَتَّى يَكُونَ مِثْلَ الْبَيْتِ وَيَقُوى، وَلَكِنْ قُلْ بِسْمِ اللهِ، فَإِذَا قُلْتَ: بِسْمِ اللهِ تَصَاغَرَ حَتَّى يَصِيرَ مِثْلَ الذُّبَابِ

ترجمہ: ابو ملیح بن اسامہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انھوں نے کہا کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اونٹ پر سوار تھا چانک اس اونٹ نے ٹھوکر کھائی، اس پر ان صحابی نے کہا کہ شیطان ہلاک ہو، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا مت کہو! کیونکہ اس طرح کہنے سے شیطان گھر کی طرح بڑا بنتا اور طاقتور ہو جاتا ہے، بلکہ (ایسے موقع پر) بسم اللہ کہا کرو! جب تم ایسا کہو گے تو شیطان چھوٹا ہو کر مکھی کی طرح ہو جاتا ہے۔ (مستدرک، حدیث 7793)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ربیع الآخر 1443/21 نومبر 2022ء

73

لوگوں سے سبحان اللہ بلوانے پر ثواب

سوال: بعض خطیب کہتے ہیں کہ کہو سبحان اللہ جنت میں ایک درخت لگے گا تو کیا یہ درست ہے؟ راشد علی :User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابن ماجہ کی حدیث پاک ہے: قل سبحان اللہ والحمد للہ ولا إلہ إلا اللہ واللہ اکبر یغرس لک بکل واحدۃ شجرۃ فی الجنۃ ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہا کرو تمہارے لئے ان میں سے ہر ایک کلمہ کے بدلے جنت میں درخت لگا دیا جائے گا۔ (ابن ماجہ، کتاب الادب، حدیث 3807)

شرح: جو کوئی سُبْحَانَ اللہ یا اَللہُ اَکْبَر یا اَلْحَمْدُ للہ یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کسی طرح بھی کہے صدقہ نفلی کا ثواب پائے گا خواہ ذکر اللہ کی نیت سے کہے یا کسی حاجت کی لیے بطور وظیفہ یہ الفاظ پڑھے یا عجیب بات سن کر سبحان اللہ وغیرہ کہے یا خوشخبری پا کر الحمد للہ پڑھے۔ بہر حال ثواب ملے گا کیونکہ اللہ کا نام لینا بہر حال عبادت ہے۔ (مرآۃ، جلد 3، صفحہ 98)

امیر اہلسنت لکھتے ہیں: بعض اوقات مبلغین و نعت خواں حاضرین سے کہتے ہیں بولو سبحان اللہ یہ کہلوانا بھی کار ثواب اور جو کہے وہ بھی ثواب کا حقدار مگر بہتر یہ ہے کہ ذکر اللہ کی نیت کروادی جائے۔ (گفتگو کے آداب، ص 12)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 ربیع الاخر 1443/29 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

74

کون کون سے رنگ کا عمامہ باندھنا سنت ہے

سوال: کون کون سے رنگ کا عمامہ شریف باندھنا سنت مبارکہ ہے ؟

User ID: کاشف نور قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف اوقات میں مختلف رنگوں کے عماموں کو استعمال فرمایا، کچھ کا ذکر کتابوں میں موجود ہے مثلاً سفید، سیاہ، سبز، زعفرانی، زرد، دھاری دار، سرخ، حرقانی وغیرہ۔

(عمامہ کے فضائل)

نوٹ: ان کی مزید تفصیل کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب عمامہ کے فضائل کا مطالعہ کریں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ربیع الآخر 1443/4 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حلال
و
حرام

75

غیر مسلم کے مذہبی تہوار میں شرکت

سوال: غیر مسلم کے مذہبی تہوار میں شریک ہو کر کھیل کود میں شرکت کرنا کیسا؟　　User ID: سید عامر اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مسلموں کے مذہبی تہوار میں شرکت کرنا اور وہاں ان کے ساتھ رسومات اور کھیل کود میں شریک ہونا حرام ہے اور اگر ان کے تہوار کو اچھا سمجھ کر شرکت کی تو دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: مسلمانوں کو ان (رسوم کفار) میں شرکت حرام اور اگر پسند کریں تو صریح کفر۔ (فتاوی رضویہ، جلد14، صفحہ 681)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 ربیع الاول 1443/27 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

76 لوگوں کو حکومت کی طرف سے پیسے دینا

سوال: حکومت جو مختلف ناموں سے لوگوں کی امداد کے لئے رقم دیتی ہے تو ہم حکومت کے کہنے پر ان کی طرف سے پیسے دے دیتے ہیں اور بعد میں ہمیں کمیشن کے ساتھ اضافی پیسے ملتے ہیں تو کیا جائز ہے؟ User ID: زوہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر آپ حکومت کے کہنے پر لوگوں کو حکومت کی طرف سے پہلے پیسے دے دیتے ہیں تو یہ آپ کا حکومت پر قرض ہے اور بعد میں کمیشن کے نام پر ملنے والی رقم اس قرض پر ملنے والا نفع ہے جو کہ خالص سود ہے لہذا حکومت سے اضافی رقم لینا آپ کے لئے جائز نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: کل قرض جر منفعة فهو ربا ترجمہ: ہر وہ قرض جو نفع لے کر آئے سود ہے۔ (نصب الرایہ، جلد4، صفحہ60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الآخر 1443/5 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

77

تحریر سے نام ہٹانا

سوال: کسی کی ذاتی تحریر سے اس کا نام ہٹا کر اپنا نام ڈال دینا کیسا؟　　User ID: احمد حسن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی کی ذاتی تحریر سے اس کا نام ہٹا کر اسے اپنے نام سے چلا دینا ناجائز اور علمی چوری کے زمرے میں آتا ہے۔ آج کل سوشل میڈیا پر یہ سلسلہ کافی عام ہے کہ دوسرے کی تحریر سے اس کا نام ہٹا دیا جاتا ہے اور بعض تو اپنا نام ڈال کر یہ تاثر دیتے ہیں کہ یہ تحریر ہماری ہے، یہ انتہائی مذموم عمل اور گناہوں کا دروازہ کھولنے کے مترادف ہے کیونکہ اس میں دھوکہ، لوگوں سے بغیر کام کیے تعریف چاہنا اور تحریر لکھنے والے کی دل آزاری ہے۔ لہذا ہر کسی کو اس عمل سے بچنا چاہیے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَفْرَحُوْنَ بِمَاۤ اَتَوْا وَّ یُحِبُّوْنَ اَنْ یُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ترجمہ: ہرگز نہ سمجھنا انہیں جو خوش ہوتے ہیں اپنے کیے پر اور چاہتے ہیں کہ بے کیے ان کی تعریف ہو ایسوں کو ہرگز عذاب سے دور نہ جاننا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (آل عمران: 188)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الآخر 1443/19 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

78 چھوٹے بچوں کی چیزیں کھانا

سوال: اگر چھوٹے بچوں کو چاکلیٹ گفٹ میں ملی ہو تو والدین کا کھانا کیسا؟

User ID: جاوید اقبال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بچے اتنی عمر کے ہیں جو چاکلیٹ کھا سکتے ہیں تو والدین کو اس میں سے کھانے کی اجازت نہیں ہوگی اور اگر بچے بالکل چھوٹے دودھ پیتے یا نرم غذا کھانے والی عمر میں ہیں تو اب والدین کو کھانے کی اجازت ہوگی کہ دلالۃ یہ والدین کے لئے ہی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 ربیع الآخر 1443/ 22 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

79

غیر مسلم سے دوستی

سوال: اگر غیر مسلم اچھے اخلاق والا ہو تو کیا اس سے دوستی کر سکتے ہیں؟

User ID: ثاقب علی رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مسلم چاہے اچھے اخلاق والا ہو یا بد اخلاق اس سے دوستی کرنا شرعا جائز نہیں دوستی سے مراد اس کے ساتھ دلی محبت رکھنا، اٹھنا بیٹھنا، گھومنا پھرنا، دعوت وغیرہ میں شریک ہونا تحائف کا لین دین کرنا وغیرہ، البتہ غیر مسلم سے دنیاوی ضرورت کا تعلق رکھنا مثلا اس سے تجارت کرنا یا ضروری گفتگو کر لینا یا اس کو اسلام سے قریب کرنے کے لئے اچھے انداز میں بات کرنے کی اجازت ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ

ترجمہ: مسلمان مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں۔ (آل عمران: 28)

تفسیر: کفار سے دوستی و محبت ممنوع و حرام ہے، انہیں راز دار بنانا، ان سے قلبی تعلق رکھنا نا جائز ہے۔

(صراط الجنان، ج 1، ص 458)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ربیع الآخر 1443/21 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

80

کلر یا مہندی کے علاوہ سے بال کالے کرنا

سوال: اگر کوئی شخص مہندی یا کلر کے علاوہ کسی کریم یا آئل سے بال کالے کرے تو کیسا؟

User ID: مخدوم صابری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احادیث میں اصل ممانعت بال کالے کرنے کی ہے لہذا بال کسی بھی چیز سے کالے کیے جائیں ناجائز ہی رہے گا۔ حدیث پاک میں ہے: غیروا ھذا بشئی واجتنبوا السواد ترجمہ: اس (سفید داڑھی) کو کسی چیز سے بدل دو اور کالے رنگ سے بچو۔ (مسلم، حدیث 2102)

ایک اور حدیث پاک میں ہے: ولا تقربوا السواد ترجمہ: کالے کے قریب نہ جاؤ۔

(مسند احمد، حدیث 13588)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الاول 1443/125 اکتوبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

81

نسوار کا استعمال

سوال: نسوار کا استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

User ID: نوری اویسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نسوار کا استعمال فی نفسہ تو جائز ہے کیونکہ اس میں نشہ نہیں ہوتا نہ ہی اس کو لگانے سے عقل میں خرابی آتی ہے اور نہ ہی یہ نشہ آور چیزوں سے بنتی ہے بلکہ یہ تمبا کو اور چونے سے بنائی جاتی ہے، البتہ اس کے اندر بدبو ہوتی ہے لہذا اس کو لگا کر مسجد میں جانا یا منہ صاف کیے بغیر نماز پڑھنا جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الاول 1443/24 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

82

کپڑے استعمال کر کے واپس کر دینا

سوال: ایک کمپنی آن لائن سامان بیچتی ہے اور وہ اپنے کسٹمر کو سہولت دیتی ہے کہ اگر سائز یا کلر پسند نہ آئے تو آپ سامان واپس کرواسکتے ہیں، زید جان کر خاص موقع پر کپڑے پہننے کے لئے منگوالیتا ہے اور بعد میں سائز وغیرہ کے بہانے واپس کر دیتا ہے اس کا ایسا کرنا کیسا؟

User ID: عتیق رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

زید کا یہ عمل شرعاناجائز و گناہ ہے کہ اس میں جھوٹ اور دھوکہ دینا پایا جارہا ہے اور دھوکہ دینا حرام ہے۔ یہاں ایک بات اور قابل وضاحت ہے کہ آن لائن چیزیں خریدنے کی صورت میں چونکہ چیز کو اپنے سامنے دیکھے بغیر خریدا جاتا ہے تو شریعت نے یہ اختیار دیا ہے کہ اگر دیکھنے کے بعد چیز کو نہ لینا چاہے تو بیع فسخ کر سکتا ہے مگر جب صراحۃ یا دلالۃ رضامندی پائی جائے تو بیع فسخ کرنے کا حق ختم ہو جاتا ہے لہذا زید کا اس چیز کو استعمال کرتے رہنا اس کی طرف سے رضامندی ہے لہذا اس کو اس اعتبار سے بھی بیع فسخ کرنے کا اختیار نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: ليس منا من غش ترجمہ: جو دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں۔ (ابوداود، حدیث 3452)

بہار شریعت میں ہے: دیکھنے کے بعد فسخ کا حق اس وقت تک باقی رہتا ہے، جب تک صراحتہً یا دلالۃً رضامندی نہ پائی جائے۔ (جلد2، صفحہ 663)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 ربیع الاخر 1443/01 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

83 میت پر میڈیکل تحقیق

سوال: لاوارث میت کو میڈیکل تحقیق کے لئے استعمال کر سکتے ہیں؟

User ID: غلام نبی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسلام نے جس طرح زندہ کی حرمت کو بیان کیا ہے اسی طرح مردہ کی تعظیم کو بھی باقی رکھا ہے یعنی مسلمان میت کا حق یہ ہے کہ اس کو عزت کے ساتھ دفنایا جائے اور اس کو بے حرمتی اور اذیت دینے سے بچایا جائے نیز میت کا مثلہ زندہ کے مقابلہ میں اشد حرام ہے اور میڈیکل ریسرچ میں میت کا مثلہ بھی کیا جاتا ہے، لہذا میت کا کوئی وارث ہو یا بظاہر لاوارث ہو اس کو میڈیکل تحقیق کے لئے استعمال کرنا ناجائز و حرام ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 ربیع الآخر 1443/16 نومبر 2022ء

84 کڑاکے نکالنا

سوال: انگلیاں چٹخانا کیسا؟

User ID: محمد شکیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز اور توابع نماز یعنی انتظارِ نماز یا نماز کے لئے جاتے ہوئے انگلیاں چٹخانا مکروہ تحریمی یعنی ناجائز و گناہ ہے، نماز یا توابع نماز کے علاوہ بغیر کسی حاجت کے ایسا کرنا مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے مگر گناہ نہیں اور نماز یا توابع نماز کے علاوہ کسی حاجت مثلاً تھکن کی وجہ سے انگلیاں چٹخانا مباح یعنی بغیر کسی ناپسندیدگی کے جائز ہے۔ (ماخوذ از: نماز کے احکام، صفحہ 79)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الاخر 1443/23 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

85

ڈیوٹی ٹائم میں نوافل

سوال: میں مغرب کی نماز کی سنتیں پڑھنے کے بعد نفل واوابین پڑھتا ہوں اور میری ڈیوٹی کا ٹائم بھی ہوتا ہے؟

User ID: حافظ امجد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اجیر خاص ڈیوٹی کے ٹائم میں صرف فرض و سنت مؤکدہ پڑھ سکتا ہے نوافل پڑھنا جائز نہیں ہاں اگر مالک کی اجازت ہو تو نوافل ادا کر سکتا ہے، لہذا آپ کا مالک کی اجازت کے بغیر ڈیوٹی کے اوقات میں نوافل پڑھنا جائز نہیں ہاں اگر کام مکمل ہو گیا ہے اور فراغت کے اوقات ہیں تو ڈیوٹی کی جگہ پر نوافل پڑھنے کی اجازت ہے۔ بہار شریعت میں ہے: جیر خاص اُس مدت مقرر میں اپنا ذاتی کام بھی نہیں کر سکتا اور اوقاتِ نماز میں فرض اور سنت مؤکدہ پڑھ سکتا ہے، نفل نماز پڑھنا اس کے لیے اوقات اجارہ میں جائز نہیں۔ (بہار شریعت، جلد3، صفحہ 161)

فتاوی رضویہ میں ہے: جیر خاص پر وقت مقررہ معہود میں تسلیم نفس لازم ہے اور اسی سے وہ اجرت کا مستحق ہوتا ہے، ہاں اگر تسلیم نفس میں کمی کرے، مثلا: (کام پر) حاضر تو آیا، لیکن وقت مقرر خدمت مفوضہ کے سوا اور کسی اپنے ذاتی کام اگرچہ نماز نفل یا دوسرے شخص کے کاموں میں صرف کیا کہ اس سے بھی تسلیم منتقض ہوئی، بہر حال جس قدر تسلیم نفس میں کمی کی ہے، اتنی تنخواہ وضع ہو گی۔ (فتاوی رضویہ، ج19، ص506)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ربیع الآخر 1443/21 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

86

بلی کی خرید وفروخت

سوال: بلی کی خرید وفروخت کرنا کیسا کیا حدیث میں ممانعت آئی ہے؟ User ID: مدنی قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلی کی خرید و فروخت تمام ائمہ کے نزدیک جائز ہے، حدیث پاک میں جو ممانعت آئی ہے شارحین نے اس کے بارے میں فرمایا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ غیر نافع بلی کی خرید وفروخت مناسب نہیں یا یہ ممانعت تنزیہی ہے۔ شرح مسلم للنووی میں ہے: واما النھی عن ثمن السنور فھو محمول علی انه لاینفع او علی انه نھی تنزیه ترجمہ: بہر حال بلی کی قیمت سے ممانعت کو محمول کیا جائے گا اس پر کہ جب بلی غیر نافع ہو یا پھر ممانعت تنزیہی ہے۔ (شرح مسلم للنووی، جلد10، صفحہ233)

ہندیہ میں ہے: وکذلک بیع السنور و سباع الوحش و الطیر جائزعندنا معلما کان أو لم یکن کذا فی فتاوی قاضی خان ترجمہ: اسی طرح بلی اور درندوں اور پرندوں کی بیع جائز ہے ہمارے نزدیک چاہے سکھائے ہوئے ہوں یا نہ ہوں اسی طرح قاضی خان میں ہے۔ (ج3،ص114)

شامی میں ہے: لانھا تصطاد الفار الھوام الموذیة فھی منتفع بھا ترجمہ: (بلی کی خرید وفروخت جائز ہے) اس لئے کہ یہ چوہوں اور موذی کیڑوں کا شکار کرتی ہے تو بلی سے اس چیز کا فائدہ حاصل کیا جاتا ہے۔ (شامی، ج7،ص505)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 ربیع الاخر 1443/15 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

87

حضور ﷺ کو کملی والا کہنا

سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کملی والا کہنا کیسا؟

User ID: ملک فراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لفظ کملی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے استعمال کرنے کے حوالہ سے علماء کا اختلاف ہے، بعض جائز کہتے ہیں بعض ناجائز، جو ناجائز کہتے ہیں ان کے نزدیک یہ کمبل کی تصغیر ہے جیسے مکھ کی تصغیر مکھڑا یعنی چھوٹا چہرا، نگر کی تصغیر نگری یعنی چھوٹا شہر اور حضور ﷺ کی شان میں الفاظِ تصغیر استعمال کرنا بالاتفاق بے ادبی ہے۔ جو جائز کہتے ہیں ان کے نزدیک یہ تصغیر نہیں بلکہ مستقل لفظ ہے اس لئے اس کے استعمال میں حرج نہیں، بہرحال اگر کوئی یہ لفظ استعمال کرے تو اس کو بے ادب وگناہگار نہیں کہیں گے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ربیع الاول 1443/25 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

88

Octopus (آکٹوپس) کھانا کیسا

سوال: کیا Octopus کھانا جائز ہے؟

User ID: نعیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

علماء کرام کی تحقیق کے مطابق آکٹوپس مچھلی کی قسم سے نہیں بلکہ یہ کوئی اور دریائی جانور ہے اور فقہ حنفی کی روشنی میں مچھلی کے علاوہ اور کوئی دریائی جانور حلال نہیں لہذا آکٹوپس کھانا حرام ہے۔ الاختیار میں ہے: ولا یوکل من حیوان الماء الا السمک ترجمہ: پانی کے جانوروں میں مچھلی کے علاوہ کوئی جانور کھانا حلال نہیں۔ (الاختیار، جزء 5، صفحہ 13)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ربیع الآخر 1443/20 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

مچھلی کو کرنٹ کے ذریعے مارنا

سوال: مچھلی کو کرنٹ کے ذریعے مارنا کیسا اور اگر کسی نے مارا تو مچھلی حلال ہو گی؟

User ID: افضل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مچھلی کو کرنٹ کے ذریعے سے مارنا جائز نہیں اس لئے کہ اس طریقہ میں مچھلیوں کے ساتھ ساتھ دوسری پانی کی مخلوق جو نقصان نہیں پہنچاتی وہ بھی بلاوجہ ہلاک ہوتی ہے اور چونکہ دیگر آبی مخلوق کو مارنے میں کوئی منفعت نہیں لہذا اس طریقہ کو اختیار کرنا ناجائز ہو گا البتہ کسی نے اس طریقہ سے مچھلی کا شکار کیا تو چونکہ یہاں مچھلی کو موت ظاہری سبب سے ہوئی نہ کہ طبعی طور پر لہذا فقہ حنفی کے اصولوں کی روشنی میں مچھلی کھانا حلال ہو گا۔ (ماخوذا: مچھلی کے عجائبات، صفحہ 19،20)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ربیع الآخر 1443/20 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

90

سگریٹ میں چرس ڈال کر پینا

سوال: چرس اگر سگریٹ میں ڈال کر پی جائے تو جائز ہو گا؟

User ID: مجاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چرس کے ذریعے سے نشہ کرنا یا شوقیہ عادت کے طور پر یا حصول لذت کے لئے استعمال کرنا چاہے سگریٹ میں ڈال کر ہو یا بغیر سگریٹ، حرام ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: نشہ بازی بنگ یا افیون کسی بلا سے ہو مطلقا کبیرہ (گناہ) ہے۔ اشیاء جن کی خشکی میں نشہ ہے، ان کا نشہ حرام ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 25، صفحہ 207)

اسی جلد میں ہے: شوق کی راہ سے بطورِ مشغلہ کھانا جس طرح عام کھانے والے اپنے پیچھے لت لگا لیتے ہیں، مطلقا جائز نہیں، اگرچہ نشہ نہ کرے، اگرچہ بوجہ اپنی قلت کے اس قابل ہی نہ ہو۔ (صفحہ 77)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ربیع الآخر 1443/20 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

91

شعر غرور حوروں کا توڑ ڈالا

سوال: یہ پڑھنا کیسا غرور حوروں کا توڑ ڈالا لگا کہ ماتھے پہ تل خدا نے جو کالے رنگ کا غلام تیرا بلال آیا کمال آیا؟

User ID: عامر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ شعر سخت بے ادبی پر مشتمل ہے اس کو پڑھنا جائز نہیں۔ ایک تو اس میں حوروں کو مغرور کہا گیا ہے جو کہ بے ادبی و ناجائز ہے، اللہ پاک کے لئے یہ الفاظ کہ اس نے ماتھے پر تل لگایا اس کی شایان شان نہیں اور پھر بلال رضی اللہ عنہ کا رنگ کالا بتانا بھی درست نہیں کہ محققین کے مطابق بلال رضی اللہ عنہ کا رنگ مبارک سخت گندمی تھا نہ کہ سیاہ نیز یہ پورا شعر ایک جھوٹے واقعہ پر مشتمل ہے اور جھوٹا واقعہ بیان کرنا ناجائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 ربیع الآخر 1443/25 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

92

اسپورٹس کی نیوز

سوال: اسپورٹس کی نیوز کی ویڈیو بنا کر یوٹیوب پر ڈالنا کیسا؟

User ID: اسد الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسپورٹس عموما لہو و لعب پر ہی مشتمل ہوتا ہے تو جس طرح لہو و لعب میں مبتلا ہونا ممنوع ہے اسی طرح اس کی خبر دینا بھی فضولیات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ممنوع ہی ہوگا کہ جس چیز کا کرنا منع ہے اس کا تماشہ دیکھنا بھی منع ہے۔ حدیث پاک میں ہے: من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ ترجمہ: آدمی کے اسلام کے حسن میں سے یہ بھی ہے کہ لایعنی چیزوں کو ترک کر دے۔ (ترمذی، ح2317)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ربیع الآخر 1443/23 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

93

ٹائپنگ کی اجرت

سوال: اگر کمپنی میں ٹائپنگ کی جاب کی جائے تو جائز ہے؟

User ID: عبدالرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ٹائپنگ کی جاب کرنا شرعاً جائز ہے جبکہ ٹائپ کیا جانے والا مواد (content) جائز ہو۔ اگر ٹائپنگ کے لئے ایسا مواد دیا گیا جو کفریات پر مشتمل ہو یا گمراہ کن عقائد اس میں موجود ہوں یا کوئی اور گناہوں بھرا مواد ہو تو اس کو ٹائپ کرنا جائز نہیں ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 جمادی الاول 1443/26 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کاروبار

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

94

ممبر شپ کے بدلے سستی چیزیں خریدنا

سوال: کینیڈا میں ایک اسٹور ہے جو سستی چیزیں دیتا ہے مگر سامان وہی خرید سکتا ہے جس کے پاس ممبر شپ ہو، اس کی ممبر شپ فیس 60 ڈالر سالانہ ہے، یہ ممبر شپ حاصل کر کے سامان خریدنا کیسا؟ User ID: آصف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسٹور سے سامان خریدنے کے لئے ممبر شپ کی شرط رکھنا اور اس ممبر شپ کے بدلے سامان سستا دینا ناجائز و گناہ ہے اس لئے کہ فیس کے نام پر دی جانے والی رقم رشوت ہے کیونکہ یہ فقط اپنا کام نکلوانے کے لئے دی جارہی اور اس رقم کے مقابل کچھ نہیں ہوتا اور اسی کو رشوت کہتے ہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: جو پرایا حق دبانے کے لئے دیا جائے رشوت ہے یوہیں جو اپنا کام بنانے کے لئے حاکم کو دیا جائے رشوت ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 597)

مفتی نظام الدین صاحب لکھتے ہیں: فیس کی شرعی حیثیت رشوت کی ہے جو یقیناً حرام ہے، وجہ یہ ہے کہ اپنا یا کسی کا بھی کام بنانے کے لیے ابتداءً صاحب امر کو کچھ روپے وغیرہ دینا رشوت ہے اور یہاں کمپنی کو فیس اس لیے دی جاتی ہے کہ اسے اجرت پر ممبر سازی کا حق دے دیا جائے اور فیس کے مقابل کوئی چیز نہیں ہوتی۔ (ماہنامہ اشرفیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 ربیع الاخر 1443/3 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

95 واپسی کی شرط کے ساتھ چیز خریدنا

سوال: میری موبائل کی دکان ہے اور ہم یوں کرتے ہیں کہ جب ہم سے کوئی موبائل خریدتا ہے تو کہتا ہے کہ اگر کچھ دن بعد بیچوں تو کتنے کا لے لوگے تو ہم کچھ پیسوں کی کمی کے ساتھ بتادیتے ہیں ایسا کرنا کیسا؟

User ID: مغل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر تو کسٹمر صرف اپنی معلومات کے لئے پوچھتا ہے جیسے کہ خریدنے والے پوچھا کرتے ہیں کہ اگر اس کو کچھ دن بعد بیچیں تو کتنے پیسے آجائیں گے، تو اس میں تو حرج نہیں، لیکن مارکیٹوں میں اس کی ایک ناجائز صورت یہ بھی پائی جاتی ہے کہ وہ سودے میں اس بات کی شرط لگادیتے ہیں کہ ابھی میں آپ سے مثلا 3000 کا خرید رہا ہوں کچھ دنوں بعد آپ مجھ سے واپس 2500 کا لے لینا، یہ صورت ناجائز ہے کیونکہ اس سودے میں ایسی شرط لگائی جارہی جس میں فقط ایک فریق کا فائدہ ہے اور سودے میں ایسی کوئی شرط لگانا اسلامی اصولوں کے خلاف اور ناجائز ہے، لہذا یہ شرط سودے کو فاسد کردے گی اور ایسے سودے کو ختم کرنا شرعا لازم ہے اور جو اس میں نفع حاصل کیا وہ بغیر ثواب کی نیت کے صدقہ کرنا ضروری ہے۔

(ماخوذ از: بہار شریعت، جلد2، صفحہ835)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

09 ربیع الاخر 1443/5 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

96

کال سینٹر کی جاب

سوال: کال سینٹر میں کال اوپریٹر کی جاب کرنا کیسا؟

User ID: ملک عاقب اعوان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کال سینٹر میں جائز وناجائز دونوں طرح کا کام ہوتا ہے۔ اگر کال سینٹر کے کام میں کسی قسم کا جھوٹ بولنا یا دھوکہ دینا پایا جاتا ہو، اپنا مذہب وشناخت کچھ اور ظاہر کرنی پڑتی ہو مثلا اپنا دین اسلام کے علاوہ کچھ اور بتانا پڑتا ہو یا اسلامی نام کے علاوہ کوئی اور نام ظاہر کرنا پڑتا ہو یا ناجائز کاموں کی ترغیب دینی پڑتی ہو مثلا انشورنس کروانے کی پیشکش کرنی پڑتی ہو تو ایسی جاب کرنا ناجائز وحرام ہے۔ اور اگر جاب ان ناجائز امور سے خالی ہو اور مزید کوئی شرعی خرابی نہ پائی جاتی ہو تو جائز ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 ربیع الآخر 1443/8 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

97 مستری کا دکان سے کمیشن لینا

سوال: مالک مکان نے مستری کو ٹائل لگوانے کا کہا وہ ٹائل لایا تو دکاندار نے اس کو کمیشن دیا تو مستری کا لینا کیسا؟

User ID: ساحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر دکاندار کے ساتھ مستری کا پہلے سے کمیشن طے ہے اور مستری مالک مکان کو لے جا کر اچھی چیز دلاتا ہے تو اس کا کمیشن لینا جائز ہے، لیکن اگر مالک مکان نے مستری کو وکیل بنایا کہ آپ لے آئیں تو اب مالک مکان کو بتائے بغیر کمیشن نہیں لے سکتا اس لئے کہ یہ ایک طرح سے ڈسکاؤنٹ دینا ہے جو موکل کا حق ہے البتہ اس صورت میں دلالۃ یا صراحۃ کچھ طے نہ ہو اور دکاندار تحفۃ دے تو حرج نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 ربیع الآخر 1443/11 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98 کیبل اور انٹرنیٹ کا کام

سوال: کیبل اور انٹرنیٹ کا کام کرنا کیسا؟

User ID: عبد الصمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کیبل آپریٹر کا کام شرعا جائز نہیں کیونکہ کیبل پر آنے والے چینلز کی غالب اکثریت گناہوں بھری ہے اور کیبل آپریٹر ان گناہوں والے چینلز کو سپلائی کر کے گناہوں میں براہ راست معاونت کر رہا ہوتا ہے اور گناہوں میں معاونت کرنا بھی ناجائز و گناہ ہے۔ انٹرنیٹ کی سروس دینے کا کام شرعا جائز ہے کیونکہ انٹرنیٹ کا استعمال فی نفسہ گناہ نہیں بلکہ یہ استعمال کرنے والے پر منحصر ہے کہ وہ اس کا کیسا استعمال کرتا ہے بلکہ انٹرنیٹ تو کئی نیک کاموں کا ذریعہ ہے لہذا اس میں کوئی حرج نہیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ترجمہ: گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ (المائدہ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الاخر 1443/19 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

99

اسپرے کرنے کا کام

سوال: مختلف بیماریوں یا مچھروں وغیرہ کے خاتمہ کے لئے اسپرے کیا جاتا ہے تو اس کی نوکری کرنا کیسا؟

User ID: محمد مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیماریوں، وائرسوں اور مچھروں وغیرہ کے خاتمہ کے لئے اسپرے کرنا شرعاً جائز ہے اور اس کی نوکری کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ ایک جائز پیشہ ہے جو آدمی اجرت کے بدلے اختیار کرتا ہے بلکہ اس میں ایک طرح کی خیر خواہی بھی ہے کہ یہ معاشرے میں بیماریوں کے خاتمہ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ربیع الآخر 1443/19 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

100

ٹور گائیڈر کا مندر لے کر جانا

سوال: میں ایک ٹور گائیڈر رہوں مجھے لوگوں کو مندر لے کر جانا ہوتا ہے کیا میں لے جاسکتا ہوں؟

User ID: عرباض خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مسلمان کو غیر مسلموں کی عبادت گاہوں میں جانا یا کسی کو لے کر جانا جائز نہیں، لہذا ٹور گائیڈر کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کو غیر مسلموں کی عبادت گاہوں میں لے کر جائے۔ بحر الرائق میں ہے: يُكْرَهُ لِلْمُسْلِمِ الدُّخُولُ فِي الْبِيعَةِ وَالْكَنِيسَةِ، وَإِنَّمَا يُكْرَهُ مِنْ حَيْثُ إِنَّهُ مَجْمَعُ الشَّيَاطِينِ ترجمہ: مسلمان کے لئے غیر مسلموں کی عبادت گاہوں میں جانا جائز نہیں اور ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ شیطانوں کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔　(بحر الرائق، جلد 7، صفحہ 214)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ربیع الاخر 1443/31 اکتوبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔